# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 25 جون 2021ء بمطابق 14 ذیقعد 1442 ہجری سہ پہر چار بجکر بارہ منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، مشتاق احمد غنی مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ○ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْــَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ○ قٰلَ اِنْ
لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ○ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ○
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ○ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ
بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ○ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔

(ترجمہ): پھر اللہ تعالی ان سے پوچھے گا "بتاؤ، زمین میں تم کتنے سال رہے؟"۔ وہ کہیں گے "ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھیرے ہیں شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے"۔ ارشاد ہو گا "تھوڑی ہی دیر ٹھیرے ہو نا، کاش تم نے یہ اُس وقت جانا ہوتا۔ کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟"۔ پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، کوئی خدا اُس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا۔ اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے، جس کے لیے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔ اے محمدؐ، کہو، "میرے رب درگزر فرما، اور رحم کر، اور تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے"۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

جناب سپیکر: جزاک اللہ۔

## اراکین کی رخصت

Mr. Speaker: 'Leave Applications': Janab Iqbal Wazir Sahib for six days from 25th to 30th June, Sardar Khan Sahib for today, Muhammad Riaz Khan Sahib for today, Humayun Khan Sahib for today. Is it the desire of the House that leave may be granted.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

## مجوزہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 22-2021 میں ترامیم کی منظوری کے لئے تحریک کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Minister Finance, please move motion, Akbar Ayub Sahib! Please motion.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جی شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت، اجازت دی جائے کہ مجوزہ سالانہ ترقیاتی پروگرام سال 22-2021 میں چند ضروری ترامیم کی جائیں جو کہ ترقیاتی گرانٹ کی مجموعی لاگت پر اثرانداز نہیں ہوں گی۔ ان مجوزہ ترمیمات کی تفصیل لف ہے اور اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع کرائی جا چکی ہیں۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the motion, moved by the honourable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The motion is passed unanimously.

## سالانہ بجٹ برائے مالی سال 22-2021 کے مطالبات زر پر بحث و رائے شماری

Mr. Speaker: 'Demands for Grant': Demand No. 01 Honourable Minister for Parliamentary Affairs and Human Rights, to please move his Demand No. 01.

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 38 کروڑ 69 لاکھ 5 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران صوبائی اسمبلی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 38 crore 69 lac 05 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2022, in respect of Provincial Assembly. Since no cut motion has been moved by any honourable Member on Demand No. 01, therefore, the question before the House is that Demand No. 01 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand No. 01 is granted. Demand No. 02, honourable Minister for Parliamentary Affairs and Human Rights on behalf of honourable Chief Minister, to please move his Demand No. 02.

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 4 ارب 17 کروڑ 17 لاکھ 40 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان کے اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران نظم و نسق عمومی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 04 billion 17 crore 17 lac 40 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2022, in respect of General Administration.

Cut motions on Demand No. 02. Miss Nighat Orakzai, she is not around (Lapsed). Siraj-uddin Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 02.

Mr. Siraj-uddin: I withdraw my cut motion.

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Khushdil Khan Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 02.

Mr. Khushdil Khan Advocate: My motion for cut motion is ten rupees.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Mr. Ikthiar Wali, to please move his cut motion on Demand No. 02.

جناب اختیار ولی: Thank you Honourable Speaker. میں مطالبہ زر نمبر دو پر سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr Sardar Muhammad Yousaf Zaman Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 02.

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر، میں چار سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four hundred only.Miss Rehana Ismail Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 02.

محترمہ ریحانہ اسماعیل: پچاس لاکھ کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty lac only. Mr Inayat Ullah Khan Sahib, to please his cut motion.

جناب عنایت اللہ: سر، میں Withdraw کرتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 02.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، میں اپنا کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you, withdrawn. Mr. Mehmood Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 02.

جناب محمود احمد خان: Thank you جناب سپیکر، ایک سو روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں ڈیمانڈ نمبر دو پر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Ranjeet Singh, to please move his cut motion on Demand No. 02.

سردار رنجیت سنگھ: شکریہ جناب سپیکر، میں اپنا کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn. Miss Sobia Shahid Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 02.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Jamshid Khan

Mohmand Sahib, he is not around. Sahibzada Sanaullah Khan, to please move his cut motion, not around (Lapsed) Hafiz Isam-ud-Din, to please move his cut motion on Demand No. 02.

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر صاحب، میں پانچ کروڑ روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total amount may be reduced by rupees five crore only. Shagufta Malik Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 02.

محترمہ شگفتہ ملک: میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr Khushdil Khan Sahib, please.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: Thank you سپیکر صاحب، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس کی پرفارمنس یا اس کی کارکردگی یا جو بھی ہے، اس پر میں بات نہیں کروں گا لیکن مجھے Minister concerned یہ بتائیں کہ جنرل ایڈمنسٹریشن میں آپ نے دو جگہوں پر اماؤنٹ مطلب ہے ریفر کیا ہے۔ ایک آپ نے وہ اماؤنٹ جو Voted ہوتی ہے اور دوسرا Provincial Consolidated Fund میں 30 کروڑ 40 لاکھ 85 ہزار روپے جو آپ نے Mention کئے ہیں، آپ یہ مجھے بتائیں کہ آپ نے اس کو کس قانون کے تحت، آئین کے کس کلاز کے تحت یہ آپ نے Mention کئے ہیں، یہ مجھے بتائیں کیونکہ Under Article 121 کے تحت یہ اس میں نہیں آتا ہے، It is a Department, it is not a Governor House, it is not a Speaker, this is not a Deputy Speaker, this is not an Assembly, this is not a High Court۔ تو آپ یہ مجھے بتائیں کہ آپ نے یہ کس طرح اور کس قانون کے اور مطلب ہے کس لاء کے تحت اور آئین کے آرٹیکل کے تحت، یہ مجھے بتا دیں، Thank you

جناب سپیکر: مسٹر اختیار ولی صاحب، اختیار ولی صاحب کی، ذرا سارے Speed-up چلیں تاکہ کام زیادہ ہو جائے۔ اختیار ولی صاحب! آپ نے ایک سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کی تھی۔

جناب اختیار ولی: جی سپیکر صاحب، میں نے سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کی تھی لیکن میں چاہتا ہوں میں اس کو واپس لے لوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn.

(Applause)

Mr. Speaker: Sardar Muhammad Yousaf Zaman Sahib.

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر، جناب سپیکر، تھوڑی سی توجہ میں اس لئے مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ Overall General Administration تمام محکمے اس کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں اور پورے صوبے کی صورتحال یعنی جو آپ کے سامنے ہے اگر کوئی بھی ڈیپارٹمنٹ کسی بھی ضلع میں، کسی بھی علاقے میں اگر کوئی کام کرتا ہے تو اس کو دیکھنا پھر یہ ان کی ایک ذمہ داری بنتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کے جتنے بھی اچھے کام ہیں، ان کو عوام کے سامنے صحیح طریقے سے لانے کے لئے یہ اپناRoleادا کرتے تو بہتر ہوتا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کوئی خاطر خواہ ایک تبدیلی کے نام پر جو بات ہوئی تھی وہ سامنے نہیں آئی اور اتنی بڑی رقم اگر اس کو دی جائے گی جس کو تبدیلی ہم سمجھتے ہیں کہ پورے صوبے میں ہونی چاہیئے تھی دور دراز علاقوں میں تو وہ تو اس وقت کوئی خاطر خواہ ہمیں نتائج نظر نہیں آرہے ہیں۔ بعض جگہ ایڈمنسٹریشن، جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کوئی کام سویا ہوتا ہے اور اس کی توجہ بھی وہ مبذول نہیں کراتے، مختلف شاہراہ پہ ہم نے دیکھا ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ اگرEncroachment وہاں ہوتی ہے تو ان کی غفلت کی وجہ سے ہوتی ہے، اس کے خلاف ایکشن لینا ان کی ذمہ داری ہوتی ہے ایڈمنسٹریشن کی اور ان کی جو اس کے ساتھ جتنے بھی ڈیپارٹمنٹس ہیں۔ تو اس وجہ سے میں تو سمجھتا ہوں کہ پچھلے سال کی جتنی کارکردگی ہے اگر وہ بہتر ہوتی تو لوگوں کے یہ مسائل حل ہوئے ہوتے اور اس وجہ سے میں نے یہ جو کٹوتی کی موشن پیش کی ہے تو اس پر جو متعلقہ منسٹر ہے، وہ یہ مطمئن کریں کہ آیا اس ضلع، اس صوبے کے تمام اضلاع میں جہاں ان کی ایک ذمہ داری تھی ڈیپارٹمنٹ کی وہ صحیح طریقے سے انہوں نے پوری کی ہے، اگر نہیں کی تو کس وجہ سے نہیں کی؟ شکریہ۔

جناب سپیکر: Thank you سردار صاحب۔ مس ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: شکریہ جناب سپیکر۔ جنرل ایڈمنسٹریشن تمام صوبے کے نظم وضبط کو دیکھتا ہے۔ اس میں کافی مسائل ہیں، اگر دیکھا جائے تو ملازمین کے کافی مسائل اس میں سامنے آتے ہیں اور Specially یہ پی ایم ایس کا جو کوٹہ انہوں نے رکھا ہے ایڈمنسٹریشن میں، سول سیکرٹریٹ میں، تو وہ اکثر سیٹیں ان سے خالی رہ جاتی ہیں۔ تو اس کے ساتھ جو Concerned old سیکرٹریٹ ہے اگر اس کو بھی شامل کیا جائے اس میں تو یہ سیٹیں خالی نہیں جائیں گی۔ میں نے پچھلی دفعہ بھی بجٹ میں یہ بات Raise کی تھی لیکن ابھی تک اس پہ کوئی خاطر خواہ عمل نہیں ہوا کیونکہ اگر باقی سیکرٹریٹ میں دیکھا جائے تو صوبائی اسمبلی بھی اس کے ساتھ ہے، گورنر سیکرٹریٹ بھی ہے، سی ایم سیکرٹریٹ بھی ہے تو اس میں بھی کافی ایسے

ملازمین ہیں جو Well qualified ہیں اور وہ ان سیٹوں پہ آسکتے ہیں اگر ان کو بھی موقع دیا جائے کہ وہ Apply کر سکیں۔ کیونکہ اس میں Monopoly سا سسٹم ہے، پچھلے کئی سالوں کا اگر دیکھا جائے تو وہ کوٹے میں جو سیٹس ہوتی تھیں وہ سیٹس کم لوگ Apply کرتے ہیں سیٹس خالی رہ جاتی تھیں، اگر یہ ملازمین وہاں پہ Apply کریں اور وہ چلے جائیں تو یہ سیٹ اور کوئی Avail کر سکتا ہے۔ اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے باقی سرکاری ملازمین کے ہاؤسز کو دیکھا جائے سرکاری جو ان کو نہیں ملی رہائشگاہیں اور اس میں کافی بے ضابطگی ہوتی ہے، اقرباء پروری ہے کیونکہ لسٹوں میں جو نام ہوتے ہیں وہ ریٹائرمنٹ تک پہنچ جاتے ہیں لیکن ان کو وہ گھر نہیں ملتے، تو اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس لئے میں نے اس پہ پچاس لاکھ کی کٹ موشن کی تحریک پیش کی تھی کہ اس میں کافی مسائل ہیں اور اس پہ توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ یہ ہم Streamline کر سکیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you محمود احمد خان صاحب۔ شارٹ شارٹ کریں تاکہ زیادہ کام نکل جائے۔

<u>جناب محمود احمد خان</u>: Thank you جناب سپیکر۔ سر، یہ ریکویسٹ کرنی تھی کہ یہ فاٹا ہاؤس کے پی اسمبلی کو Handover ہوا ہے۔ اگر منسٹر صاحب یہ بتادیں کہ اس کا استعمال کون کر رہا ہے، نمبر ایک۔ نمبر دو کے پی ہاؤس جو ہے اس میں پہلے بھی ریکویسٹ کی تھی کہ ایم پی ایز صاحبان جاتے ہیں ادھر ان کے لئے اگر علیحدہ بلاک مختص کیا جائے اس میں اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے۔ دوسرا یہ فاٹا ہاؤس کو کلیئر کیا جائے جو کے پی ہاؤس کو Handover ہوا ہے ابھی وہ کس کے استعمال میں ہے، Thank you

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: Thank you جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں جنرل ایڈمنسٹریشن کی اس پہ بات کروں گی کہ جو کے پی ہاؤس ہے اور ایم پی ایز ہاسٹل ہے اس کی حالت بہت خراب ہے اور جناب سپیکر صاحب، ہمارے ایم پی ایز کے لئے ادھر کوئی کمرہ موجود نہیں ہوتا جب بھی ہم کال کرتے ہیں کہ ہمیں کمرہ چاہیئے کے پی ہاؤس میں تو باقی سرکاری آفیسرز اور اپنی اثر ورسوخ سے وہ دیئے جاتے ہیں لیکن ہمارے ایم پی ایز کے لئے ادھر کوئی کمرے Available نہیں ہوتے اور اگر ہوتے بھی ہیں تو وہ جو اولڈ بلاک ہے، وہ سارے جو ہے اثر ورسوخ کے مطابق دیئے گئے تھے ہماری کالز بھی Attend نہیں کرتے۔ جناب سپیکر صاحب، Also جو جتنے بھی ایک ایک افسر ہے ان کے پاس جو سرکاری گاڑیاں ہیں، ایک کی جگہ

تین تین ہیں اور اس کی جو ہے فیملی اور یہ سارے لوگ اس کو استعمال کرتے ہیں جو ایک ناانصافی ہے اور اس میں تبدیلی کی بہت ضرورت ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you حافظ عصام الدین صاحب۔

<u>حافظ عصام الدین</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، اس حوالے سے میری کٹ موشن پانچ کروڑ روپے کی ہے جو یقیناً عام روایت سے زیادہ ہے لیکن محکمے کی کارکردگی تو فاٹا میں انتہائی کمزور ہے جس کے لئے محکمے کو فاٹا میں اپنا سیٹ اپ بحال کرنے کے لئے انتہائی کوشش اور محنت کرنی ہو گی۔ پھر ساؤتھ وزیرستان جو ٹانک ڈسٹرکٹ، ہمارا جو ساؤتھ وزیرستان کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہے ٹانک، وہاں پہ ایک ہی ریسٹ ہاؤس ہے اور افسوس کا مقام یہ ہے کہ وہ ریسٹ ہاؤس بھی وہاں کبھی اے سی کو، کبھی ڈی سی کو، کبھی ایڈیشنل اے ڈی سی کو رہائش گاہ کے طور پر الاٹ کیا جاتا ہے حالانکہ وہ تو اس لئے ہوتا ہے کہ اس میں کوئی باہر سے مہمان آئے وغیرہ جو بھی ہو کچھ لوگ وہاں Stay کریں، رات کے وقت آئیں۔ تو لہذا وہ ریسٹ ہاؤس بھی خالی کرایا جائے تاکہ وہ اپنے استعمال کے لئے رولز پالیسی کے مطابق وہ استعمال ہو سکے۔ پھر ساتھ ساتھ یہاں شاہی مہمان خانہ ہے ہمارا، افسوس یہ ہے کہ یہاں بھی قبائلی ہیں، قبائلی ایم پی ایز ہیں بارہ، ان کو یہاں کمرے الاٹ کئے گئے ہیں لیکن افسوس کا مقام یہ ہے کہ وہاں کمرے دو ہیں، ہمارا جو اپنا ایک کمرہ ہوتا ہے اس میں اپنا ہم نے اپنا سلینڈر رکھا ہوتا ہے، وہیں کھانے پکانے کچن وہاں مہمانوں کے سامنے کچن بھی بحال کیا ہوتا ہے ہم نے۔ تو یہاں کمیٹی میں بھی کئی دفعہ ہم نے بات کی ہے کہ وہاں کوئی گیس کی سپلائی لگائی جائے جو ڈپٹی سپیکر صاحب تھے، ان کی بار بار کمیٹی میں تاکید کے باوجود، بار بار تاکید کے باوجود وہاں گیس سپلائی ابھی تک نہیں ہے اور کچن کا کوئی نظام نہیں ہے لہذا یہ اس کے حوالہ کیا جائے۔

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، پلیز۔

<u>محترمہ شگفتہ ملک</u>: سپیکر صاحب، ایک تو ظاہری بات ہے ایڈمنسٹریشن کے حوالے سے اس وجہ سے بھی میں نے کٹ موشن پیش کی ہے۔ بہت زیادہ بے دریغ جو اخراجات کی بات ہم کرتے ہیں تو وہ جہاں میں، Already میرے کولیگز بھی اس پہ ہیں کہ جو ہمارے سرکاری افسران ہیں، ان کے جو اخراجات آپ دیکھیں سر، تو سب سے پہلے میں یہ بات کروں گی کہ یہاں پہ ہم سنتے ہیں کہ ہمارا صوبہ بہت غریب صوبہ ہے اور ہمیں اخراجات میں کمی کے لئے بار بار وہاں سے التجاء کی جاتی ہے کہ ہم ایم پی ایز کی پریویلجز بھی ختم کر دیں کیونکہ صوبہ غریب ہے۔ سر، آپ یہ دیکھیں کہ سرکاری افسران کے لئے Fortuner گاڑیاں

خریدی جاتی ہیں، اتنی مہنگی Expensive گاڑیاں جو ہے وہ خیبر پختونخوا کے جو افسران ہیں 18، 19 اور 20 گریڈ کے افسران، آپ یہ دیکھیں کہ 1800 CC ان کو Allowed ہے لیکن آپ ان کی گاڑیاں دیکھیں ایک گاڑی کی میں بات نہیں کروں گی۔ سر، یہ لسٹیں میں آپ کو دکھادوں گی کہ ایک افسر کے گھر میں کتنی کتنی گاڑیاں ہوتی ہے۔ یہاں پر ہمیں عوامی نمائندوں کو یہ بتایا جاتا ہے کہ صوبہ غریب ہے اور اگر عوامی نمائندہ بات کرتا ہے اپنے حلقے کی تو پیسے نہیں ہے لیکن سرکاری افسران کے جو اخراجات ہیں سر، اس پہ تو میں سمجھتی ہوں کہ آپ جتنا بھی لگا سکتے ہیں کٹ اس کو لگانے کی ضرورت ہے۔ دوسری بات ان کو جو گھر دیئے جاتے ہیں سر، ایک سرکاری افسر یہاں پشاور میں بھی گھر ہے وہ اگر کسی جگہ پہ کمشنر ہے تو وہاں پہ بھی ان کا گھر ہے اور جو جونیئر جو Already deserving لوگ ہیں وہ رہ جاتے ہیں۔ سر، یہ بڑا Important issue ہے کہ سرکاری افسران کے پاس ایک گھر ہونا چاہیئے، یہ کیا بات ہے کہ آپ لکی میں بھی گھر لیں اور آپ پشاور میں بھی گھر لیں اور پھر آپ کہتے ہے کہ جی ہمارے بچے فلاناں جگہ پڑھتے ہیں تو یہ شاہی نظام جو بیوروکریسی کا یہاں پہ ہے سر، اس کو ختم کرنا چاہیئے۔

جناب سپیکر: Thank you جی اکبر ایوب صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق): ٹھیک ہے جی شکریہ جناب سپیکر۔ جی شکریہ جناب سپیکر۔ سب سے پہلے جتنے میرے معزز ارکان نے کٹ موشنز واپس لئے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، خوشدل خان بڑے ٹیکنیکل سوال کرتے ہیں تو پھر وہ پیچھے سے جواب پوچھنا پڑتا ہے۔ جناب سپیکر، اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ گورنر ہاؤس کا جو Expenditure ہے اس کو Charged ہوتا ہے، وہ Charged ہوتا ہے وہ اسمبلی سے پاس نہیں آتا، نہیں ہوتا۔ And Article 121 of the Constitution say that the remuneration payable to the Governor and the staff charged upon the Provincial conciliated fund۔ یہ اس کا جو خوشدل خان کو جواب دیا گیا ہے I hope آپ کے بہت قریبی دوست ہیں تو ان کے اخراجات ہیں، (مداخلت) جی جی۔ تو میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا، میں آپ سے ریکویسٹ کروں گا (مداخلت) جی جی جی۔ جناب سپیکر، Overall performance پہ یہاں پر بات کی گئی ہے ایک ایک ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کی۔ جناب سپیکر، یہ پرانا ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے آپ کو یاد ہے ہمیں بھی یاد ہے۔ ہم بھی پہلی حکومتوں میں رہے ہیں چوبیس گھنٹے ہمارے پاس سرکاری ملازمین پھر رہے ہوتے تھے جی۔ سی ایم صاحب سے لکھا کے دے دیں جی کہ گھر دے دیں، گھر دے دیں، گھر دے دیں

ماشاءاللہ یہ ڈیپارٹمنٹ سی ایم صاحب کے پاس ہے تمام میرٹ کے اوپر پالیسی سی ایم صاحب نے بنا دی ہے۔ چیف منسٹر صاحب خود بھی چاہیں تو کسی کو وہ گھر نہیں دے سکتے وہ بالکل ایک سسٹم بن گیا ہے جس کا حق ہو گا اس کو لازمی وہ ضرور ملے گا اور جناب سپیکر صاحب، اس ڈیپارٹمنٹ کا مین کام ہے کہ ہمارے سرکاری افسران کے کیبنٹ کے ان کے گھروں کا، ان کی رہائشوں کا ان کے جو بھی مراعات جو اس اسمبلی نے ہم سب کو دی ہوئی ہیں پر یویلجز ان کا یہ خیال کریں۔ جناب سپیکر، گاڑیوں کی یہاں بات ہوئی ہے یہ بلکہ میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ پچھلی کیبنٹ میٹنگ میں سی ایم صاحب نے اور پوری کابینہ نے مل کے یہ فیصلہ کیا ہے، شگفتہ بی بی نے بالکل ٹھیک بات کی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کے Rank کے لوگوں کے پاس بھی Fortuner پھر رہی ہیں، ہر گاڑی کی ڈیجیٹل ڈائری بنے گی حکومت کے ہر محکمے کی گاڑی کی Including, including projects کی، خصوصی طور پہ جو کھلے ہوتے ہیں وہ پراجیکٹس کی گاڑیوں میں آتے ہیں پراجیکٹس کی گاڑیاں آتی ہیں اور پتہ ہی نہیں چلتا کئی دفعہ تو وہ رجسٹرڈ ہی نہیں ہوتی اور وہ غائب بھی ہو جاتی ہیں۔ تو جس طرح ہم نے محکمہ بلدیات کی جائیدادوں کی ابھی ایک رجسٹری بنائی ہے، ٹوٹل جائیدادوں کی ہم نے ایک ڈیجیٹل رجسٹری بنائی ہے، اس طرح تمام گاڑیوں کی ایک رجسٹری بنی گی اور اس کے مطابق جس کے پاس کوئی Extra گاڑی ہو گی جناب سپیکر، نہ اس سے گاڑی واپس لی جائے گی بلکہ چاہے وہ وزیر ہو یا چاہے کوئی آفیسر ہو جتنا عرصہ اس نے وہ استعمال کی ہو جناب سپیکر، میں یقین دلاتا ہوں آپ کو اس سے اس کا بل بھی لیا جائے گا، اس کے اخراجات بھی لئے جائیں گے۔ فاٹا ہاؤس کے بارے میں جناب سپیکر، بات کی گئی ہے وہ ان شاء اللہ تعالیٰ میں نے ابھی جو فاٹا ہاؤس کا ذکر محمود خان نے کیا تو میں نے یہ مجھے پتہ تھا کہ اس کو ہم ان شاء اللہ استعمال میں لانے جا رہے ہیں۔ سی ایم صاحب سے پوچھا تو انہوں نے کہا ان شاء اللہ دو سے ڈھائی مہینے میں ہم اس کو سروس میں لے آئیں گے اور ایم پی ایز کے استعمال میں آ جائے گا۔ یہاں سے یہ بھی کہا گیا کہ جی Booking نہیں ہوتی۔ ممبرز ہم زیادہ ہیں آفیسرز بھی ہیں، کے پی ہاؤس میں اتنی جگہ نہیں ہیں ان شاء اللہ فاٹا ہاؤس کے استعمال ہونے سے وہ پریشر بھی ان شاء اللہ تعالیٰ کم ہو جائے گا اور First preference، جناب سپیکر، First preference اس ایوان کے ممبران کو دی جائے گی We will make sure کہ First preference ان کو دی جائے اور اگر پھر کمی رہ گئی تو ادھر ہم ان شاء اللہ نیا بلاک بنائیں گے، یہ ہمارا رائٹ ہے، فیڈرل گورنمنٹ ہے اس کے ساتھ ممبران کے کام پڑتے ہیں، میٹنگز کے لئے وزیر جاتے ہیں سب لوگوں کے گھر اسلام آباد میں نہیں ہیں تو اس چیز کو ان شاء اللہ ہم یقینی

بنائیں گے۔ ہمارے حافظ صاحب نے عصام الدین صاحب نے ایک تو عصام الدین صاحب میرا خیال ہے ساؤتھ وزیرستان کا ہیڈکوارٹر وانا ہے جہاں تک میری (مداخلت) ہس جی۔ نہیں نہیں وانا کو ابھی ہیڈکوارٹر ڈیکلیئرڈ کیا گیا ہے نا، اچھا چلیں وہ دیکھ لیں گے لیکن وہاں پہ اگر کوئی ریسٹ ہاؤس ہے اور آپ کہہ رہے ہیں اس میں کوئی کمیاں ہیں کچھ چیزیں ہیں تو یہاں سیکرٹری صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ہدایت دیتا ہوں وہ اس کو نوٹ کرلیں اس کو ہم ان شاء اللہ آپ کو ٹھیک ٹھاک کر کے ہم بھی جب جائیں گے تو ہم کدھر رہیں گے کوئی زمین پہ تو نہیں سوئیں گے نا، اسی ریسٹ ہاؤس میں بہت دور ہے ساؤتھ وزیرستان استعمال کریں گے ان شاء اللہ اور شاہی مہمان خانہ، اصل میں شاہی مہمان خانہ پہلے ایم پی ایز کے استعمال میں نہیں تھا۔ یہ جب ہمارے فاٹا کے بھائی Merged Districts کے ہمارے بھائی آئے ہیں Elect ہو کے تو اور کوئی جگہ نہیں تھی تو ان کو وہ دیا گیا تھا وہ Basically نہ افسران کے لئے تھا وہ نہ ایم پی ایز کے لئے تھا۔ وہ گورنمنٹ کے باہر سے صوبوں سے دوسری جگہوں سے آئے ہوئے مہمانوں کے لئے بنایا گیا تھا، اگر ادھر کچن کی کوئی سہولیات Proper نہیں ہیں حالانکہ میں وہاں رہتا بھی رہا ہوں ایک دو دفعہ آپ کو، ایک دفعہ ادھر آگ لگ گئی تھی گھر میں، تو میں دو تین راتیں رہا تھا تو مجھے تو بہترین کھانا انہوں نے دیا تھا لیکن یہ میں بہت پرانی بات کر رہا ہوں۔ اگر کوئی چیز نہیں ہے تو میں ہدایات دیتا ہوں آپ کو Proper وہاں سسٹم بنا کے دیں گے بلکہ ادھر تو ابھی بہت اچھا آپ نے دیکھا ہے کانفرنس ہال بنا ہے۔ ادھر پیچھے ایک Function بھی ہوا تھا وہ بھی میں نے Attend کیا پہلے سے ماشاء اللہ بہت Improve ہو گیا ہے ان شاء اللہ اس کو مزید Improve کریں گے۔ اسی کے ساتھ میں سردار صاحب! آپ سب سے درخواست کروں گا کہ مہربانی کر کے اپنے کٹ موشنز واپس لے لیں، ریونیو بھی بہت بڑھ رہا ہے، ڈبل ہو رہا ہے ریونیو، تقریباً ہر سال ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا میں نے جیسے آپ کو کہا ہے پرانا ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نہیں ہے بالکل میرٹ کے اوپر ان شاء اللہ تعالیٰ ہر چیز ہو گی۔ ہاں اگر کسی کو کوئی شکایت ہے اور میں یہاں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں یہاں کسی نے کہا کہ جی تین تین چار چار گاڑیاں رکھی ہوئی ہیں، آپ پوائنٹ آؤٹ کریں، آپ پوائنٹ آؤٹ کریں گاڑی پوائنٹ کریں، آفیسر کا نام پوائنٹ کریں، وزیر کا نام پوائنٹ کریں ایکشن ہم نہ لیں تو ہم آپ کے ذمہ دار ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ منسٹر صاحب۔ جی خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ:</u> میں With due respect۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب نے ریکویسٹ کی Withdrawal کے لئے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں، نہیں میں منسٹر صاحب کے جواب سے مطمئن نہیں ہوں کیونکہ یہ ٹیکنیکل پوائنٹس ہیں، Constitution اس میں Involve ہے، لاء اس میں Involve ہے۔ یہاں پہ یہ میرے ہاتھ میں جو Constitution ہے اس میں ایک آرٹیکل 121، اس میں جس طرح آپ کی پراونشل اسمبلی لکھی گئی ہے جس طرح ایڈمنسٹریشن آف جسٹس لکھا گیا ہے ہائی کورٹ کا، تو یہ جو میرے بھائی کہہ رہے ہیں کہ General Administration means Governor House تو یہ تو غلط ہے کیونکہ جنرل ایڈمنسٹریشن ایک ڈیپارٹمنٹ ہے اور اس کے لئے جو دوسری مطلب ہے کالم میں جو اماؤنٹ رکھی گئی ہے Demand for تو وہ یہ کس طرح مطلب ہے یہ تو ایک Confusion پیدا کرتا ہے۔ جس طرح پراونشل اسمبلی کا نام دیا گیا ہے گورنر کیوں نہیں۔ گورنر کا یہاں حق ہے۔ 121 Article is very clear. "121. The following expenditure shall be expenditure.charged upon the Provincial Consolidated Fund"۔ یہ وہ فنڈ ہوتا ہے جس کو ہم ووٹ نہیں دے سکتے، ہم اس کو ڈسکس کر سکتے ہیں ہاؤس میں لیکن ووٹ کی ضرورت نہیں ہوتی ہے۔ اس میں "(a) the remuneration payable to the Governor and other expenditure relating to his office,"۔ پہلے جو پیرا میں ہے گورنر صاحب کی جو مطلب ہے ان کی تنخواہ وغیرہ جتنے بھی Privileges ہیں، Package ہے اور اس کے دفتر کا، "and the remuneration payable to- (i) the Judges of the High court; and (ii) the Speaker and Deputy Speaker"۔ اب یہاں پر میرے منسٹر صاحب فرما رہے ہیں کہ جنرل ایڈمنسٹریشن یہاں پر جو ہم نے 30 کروڑ روپے رکھے ہیں، یہ گورنر ہاؤس کے خرچ کے لئے رکھے ہیں تو پھر یہاں نام لکھنے میں کیا مطلب ہے قباحت ہے، کیا مطلب ہے۔ کیونکہ جب آئین میں اس کا نام لکھا گیا ہے تو پھر آپ کس طرح یہ Confusion create کر رہے ہیں کہ ایڈمنسٹریشن کے ساتھ آپ نے گورنر کو، گورنر ہاؤس کو، ایک بڑے ادارے کو مطلب ہے اس کے ساتھ Mix کیا ہے۔ تو میری یہ ریکویسٹ ہوگی کہ یہ جو بنانے والا ہے وہ اس پر سوچے۔ کیونکہ جب اس آئین میں گورنر ہاؤس کا نام ہے، گورنر کے بارے میں لکھا گیا ہے تو پھر آپ ایک ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کیوں۔ کل تو آپ پراونشل اسمبلی کو بھی کسی مطلب ہے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ Mixup کریں گے۔ کیا ایڈمنسٹریشن آف جسٹس جو ہائی کورٹ ہے، ہائی کورٹ کے ججز صاحبان کی تنخواہیں، ان کی جو ایڈمنسٹریشن ہے۔ تو یہ میں واپس لے رہا ہوں لیکن اس

ریکویسٹ کے ساتھ کہ اس کو مطلب ہے آپ Concerned Department سے کہیں کہ اس کو ذرا ٹھیک کر لیں، Nomenclature ٹھیک کر لیں۔ ان کا جس طرح Constitution میں لکھا گیا ہے یا اس کے ساتھ، کیونکہ پھر ایک آدمی کو کس طرح پتہ چل جائے گا کہ یہ یہ کیا چیز ہے یا پھر یہ ہو جائے کہ گورنر ہاؤس کے لئے کوئی رقم نہیں رکھی گئی ہے۔ تو یہ مطلب ہے ذرا اس کو ٹھیک کرنا ہے Otherwise I withdraw۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی بس انہوں نے Withdraw کر لیا ہے، Time save کرتے ہیں۔ باقی ممبرز جن کے میں نام پکارتا ہوں، وہ Kindly منسٹر صاحب نے ان کو کہہ دیا ہے، ریکویسٹ کی ہے Withdrawal کی۔ Ikhtiar Wali Sahib! Wthdrawn?۔

<u>Mr. Ikhtiar Wali Khan</u>: Ji withdrawn.

<u>Mr. Speaker</u>: Withdrawn. Sardar Muhammad Yousaf Sahib.

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: میں Withdraw کرتا ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Rehana Ismail Sahiba, withdrawn Rehana Ismail Sahiba?

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: جی Withdrawn کرتی ہوں لیکن جو میں نے پی ایم ایس کے کوٹے کی سسٹم کی ایک بات کی تھی کہ باقی Concerned جو سیکرٹریٹ ہے ان کا سروس سٹرکچر بھی Same ہے تو ان کو کیوں نہیں دیا جاتا، اس بارے میں منسٹر صاحب نے بتایا ہی نہیں۔

<u>جناب سپیکر</u>: وہ بتا دیتے ہیں۔ Withdrawn, Madam! Withdrawn?۔

<u>Ms: Rehana Ismail</u>: Ji withdrawn.

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you محمود احمد خان صاحب۔

<u>جناب محمود احمد خان</u>: Thank you سپیکر صاحب۔ میں Withdraw کرتا ہوں لیکن دو مہینوں کی جگہ پہ چار مہینے لے لیں لیکن یہ فاٹا ہاؤس کو اپنے، آپ کو ملا ہے اور یہ پھر Use میں لائے، یہ جو ہمارے فاٹا کے ایم پی ایز ہیں تاکہ ان کے استعمال میں آ جائے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Sobia Shahid Sahiba! Withdrawn?

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: Thank you جناب سپیکر صاحب، میں Withdraw کرتی ہوں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Hafiz Isamuddin Sahib! Withdrawn?

<u>حافظ عصام الدین</u>: جناب سپیکر صاحب، Withdraw کرتا ہوں لیکن منسٹر صاحب کو کسی نے Misguide کیا تھا جو ایک بہت بڑی غلطی ان سے ہوئی کہ جنوبی وزیرستان کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر وانا میں

ہے، وانا میں نہیں ہے۔ وہ ابھی تک ٹانک میں ہے اور وزیرستان کی منتقلی کے لئے ابھی تک کوئی پراسیس نہیں ہوا ہے۔ میں Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Shagufta Malik Sahiba! Withdrawn?

محترمہ شگفتہ ملک: جی بالکل میں سی ایم صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں میں بالکل Withdraw کروں گی لیکن ایک میں، یہ میرے ساتھ منسٹر صاحب مان لیں کہ آپ نے، سرکاری افسران کی میں نے بات کی تھی میں کبھی عوامی نمائندوں کی بات نہیں کروں گی۔ سرکاری افسران کے جو خرچے ان کو آپ نے کم کرنا ہوگا اور ایک ریکویسٹ سی ایم صاحب سے ہے کہ جو سرکاری افسران نے تین تین پی ایس رکھے ہوتے ہیں کہ ایک کو کال کرتے ہیں، دوسرا پی ایس پھر تیسرا پی ایس۔ تو یہ جو Extra اخراجات ہیں Kindly اس کو آپ کم کریں۔ تھینک یو۔ میں Withdraw کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 02, therefore, the question before the house is that Demand No. 02 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’.

Members: Yes.

جناب سپیکر: ٹریژری بنچز ‘Yes’، تو کریں نا، اپوزیشن کی ‘Yes’ آپ سے زیادہ ہے۔ Those who are in favour of it may say ‘Yes’.

Members: Yes.

جناب سپیکر: اب ٹھیک ہے۔ Those who are against it may say ‘No’.

Members: No.

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The cut motions are deferred and Demand No. 02 is granted. Demand No. 03, Honorable Minister for Finance, to please move his Demand No. 03. Jhagra Sahib.

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 4 ارب 52 کروڑ 97 لاکھ 84 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران خزانہ، خزانہ جات اور لوکل فنڈ آڈٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 04 billion 52 crore 97 lac 84 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that

will come in course of payment for the year ending 30th June, 2022, in respect of Finance, Treasuries & Local Fund Audit.

Cut motions on Demand No. 03. Miss Nighat Orakzai Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 03.

Ms: Nighat Yasmeen Orakzai: Withdrawn.

Mr. Speaker: Withdrawn. Humaira Khatoon Sahiba, to please move her cut motion on Demand No. 03.

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر، میں سو روپے کی کٹوتی پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr Siraj-uddin Sahib,

سراج الدین صاحب نے مجھے لکھ دیا ہے کہ انہوں نے ساری اپنی کٹ موشنز Withdraw کر لی ہیں۔

So withdrawn. Khushdil Khan Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 03.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Miss Shahida Sahiba, to please move her cut motion.

محترمہ شاہدہ بی بی: میں Withdraw کرتی ہوں اس کو۔

جناب سپیکر: Withdrawn, thank you۔ جب کوئی Withdraw کرے تو تالیاں بجا دیا کریں۔

سردار اورنگزیب: یہ نہیں بجاتے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: یہ ڈیسک نہ بجائیں تو آپ Withdraw نہ کریں Simple is this. Sardar Aurangzeb Nalotha Sahib, to please his cut motion on Demand No. 03.

سردار اورنگزیب: سر! یہ واپس لیں تب بھی Appreciate نہیں کرتے ہیں میں چار ارب باون کروڑ روپے کی کٹ موشن کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees four billion fifty two crore only. Mr. Ikhtiar Wali Sahib, to please move.

جناب اختیار ولی: شکریہ سپیکر صاحب۔ میں مطالبہ زر نمبر تین پہ سو روپے کی کتوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three hundred only. Sardar Muhammad Yousaf Sahib, to please move his cut motion.

سردار محمد یوسف زمان: جناب سپیکر، میں مطالبہ زر پر پچاس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty only. Shakeel Basheer Sahib, to please move.

جناب شکیل بشیر خان: سر، Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Inayatullah Sahib, to please move his cut motion.

جناب عنایت اللہ: سر، میں بھی Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Akram Khan Durrani Sahib, to please move his cut motion.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جی میں بھی Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Miss Samar Haroon Bilour Sabiha, She is not around (Lapsed). Mr. Bahadar Khan Sahib, to please move his cut motion.

جناب بہادر خان: Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mian Nisar Gul Sahib, not around (Lapsed). Mr. Nisar Ahmad Khan Sahib, to please move his cut motion.

جناب نثار احمد: Thank you میں اپنی کٹ موشن کو Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Mian Nisar Gul, to please move his cut motion.

میاں نثار گل: میں سو روپے کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mr. Ahmad Kundi Sahib, to please move his cut motion.

Mr. Ahmad Kundi: Withdrawn Sir.

Mr. Speaker: Withdrawn. Sobia Shahid Sahiba, to please move her cut motion.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر، میں سو روپے کی کٹوتی پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Hafiz Isamuddin, to please move his cut motion۔ مائیک تو کھولیں حافظ صاحب کا۔

حافظ عصام الدین: میں پانچ لاکھ کی تحریک پیش کرتا ہوں کٹوتی کی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Sahibzada Sanaullah Sahib is not around. Mr. Sardar Hussain Babak Sahib, not around (Lapsed). Shagufta Malik Sahiba, to please move her cut motion.

مائیک کھولیں شگفتہ ملک صاحبہ کا۔

محترمہ شگفتہ ملک: میں سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Miss Humaira Khatoon Sahiba، آپ کی نہیں ہے کٹ موشن؟

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں اس کو واپس لے رہی ہوں لیکن ایک دو گزارشات ہیں۔ ایک یہ کہ محکمے کا پچھلے سال 2019-20 کا بھی جو بجٹ تھا، اس میں بھی پیسے ان کے پاس Lapse ہوئے ہیں۔ یہ ایک بہت غیر ذمہ دارانہ رویہ ہے، ایسا نہیں ہونا چاہیئے اور دوسرا یہ ہے کہ سرکاری جو رہائشگاہیں ہیں، ان کے لحاظ سے جو شگفتہ بی بی نے ابھی بات کی، وہ بھی اس محکمے کے اندر سرکاری ملازمین کے ساتھ مسئلہ ہے، اس کو Solve کیا جائے باقی میں واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Khushdil Khan Sahib.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، یہ جو ڈیپارٹمنٹ ہے فنانس ڈیپارٹمنٹ That is very important Department ہے، خزانہ ان کے پاس ہوتا ہے۔ بس میں دو تین Queries پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے، وہ مجھے سمجھادیں۔ ایک یہ کہ سپلیمنٹری گرانٹ، یہ سپلیمنٹری گرانٹ دیتے ہیں، شروع میں بھی دیتے ہیں۔ ہر ٹائم، جب بھی مطلب ہے ان کو ضرورت پڑ جائے، دیتے ہیں لیکن یہ اسمبلی کو Annual Budget کے ساتھ لاتے ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا مطلب ہے یہ جنرل فنانشل رولز کیا کہتے ہیں؟ اس میں یہ واضح لکھا گیا ہے کہ جب بھی کوئی ضرورت پڑ جائے یا آپ کو سپلیمنٹری گرانٹ کی ضرورت پڑ جائے تو آپ بے شک مطلب ہے Sanction کر سکتے ہیں، گورنمنٹ دے سکتی ہے لیکن فوراً آپ اسمبلی سے اس کی منظوری لیں گے۔ یہ میں نہیں کہتا ہوں یہ جنرل فنانشل رولز کہتے ہیں، اس کے مطابق، ایک۔ دوسری بات میں یہ کہتا ہوں کہ یہ Allocation جو دیتے ہیں

500 کامطلب ہے یہ Cost, estimated cost ہوتا ہے اور اس میں جو Allocation سال کے لئے رکھتے ہیں کرنٹ ایئر میں۔ یعنی تو وہ 60 ہوتا ہے یا 50 ہوتا ہے۔ تو یہ مطلب ہے میں کہتا ہوں کہ اس کو کیوں آپ اتنی تھوڑی رقم رکھتے ہیں کہ آپ کے مطلب ہے پیسے کم ہوتے ہیں، اس لئے نہیں کہ آپ اس پراجیکٹ کو دو تین سال پر مطلب ہے Prolong کرنا چاہتے ہیں کہ یہ اس پر Extend کرے کیونکہ اس پراجیکٹ پر پھر قیمت مطلب ہے ہر چیز کی، ہر Material کی قیمت زیادہ بڑھتی جارہی ہے، مہنگا ہوتا جارہا ہے۔ تو اچھی بات یہ ہے کہ آپ مطلب ہے کہ کم سکیمز رکھ لیں لیکن کمپلیٹ کر لیں Within one and two years۔ تیسرا میرا یہ ہے کہ پھر جب ہم دیکھتے ہیں، جب جون آجاتا ہے تو فنانس ڈیپارٹمنٹ پر بہت بڑا رش بن جاتا ہے۔ ٹھیکیدار بھی وہاں پر ہم دیکھتے ہیں، ایم پی ایز صاحبان بھی ہم دیکھتے ہیں، منسٹرز صاحبان بھی دیکھتے ہیں۔ تو کیا مطلب ہے یہ سارا خزانہ صرف جون ہی میں آپ ان کا کھولتے ہیں؟ چاہیئے یہ تھا کہ وقت کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہوتا جاتا تاکہ اس میں کرپشن کی مطلب ہے وہ بو نہ آجائے، اس میں کرپشن نہ ہو سکے، کسی کو غلط پیسہ نہ جائے۔ اس کا مطلب ہے یہ تین میرے کونسچنز ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب:</u> سپیکر صاحب، میں Withdraw کرتا ہوں اپنی تحریک لیکن منسٹر صاحب کے نوٹس میں ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ جب سکولز سپیکر صاحب، آٹھ آٹھ سال، چھ چھ سال، پانچ پانچ سالوں سے سکولوں کی بلڈنگیں بنی ہوئی ہیں اور اس میں سٹاف، میں سپیکر صاحب! واپس نہیں کرتا ہوں منسٹر صاحب توجہ ہی نہیں دیتے ہیں؟

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں توجہ پہ ہیں، بھرپور توجہ دے رہے ہیں۔

<u>سردار اورنگزیب:</u> میں یہ کہہ رہا ہوں کہ جو بلڈنگیں سکولوں کی بنتی ہیں یا دوسرے محکمے جو بلڈنگیں بناتے ہیں وہاں پہ پوسٹیں Sanction ہونے میں پانچ پانچ سال، چھ چھ سال لگ جاتے ہیں اور وہ بلڈنگیں خراب ہو جاتی ہیں، سٹاف وہاں پہ نہیں پہنچتا ہے۔ ٹیوب ویل بن جاتا ہے سپیکر صاحب، لوگ اس کی مشینری اٹھا کر لے جاتے ہیں اور ٹیوب ویل آپریٹر کی پوسٹ، کلاس فور کی، وال مین کی Sanction نہیں ہوتی ہے۔ تو یہ مہربانی کر کے ذرا یہ پوسٹوں کے اوپر توجہ دیں اور جوں ہی بلڈنگ تیار ہو تو جلد از جلد اس کی وہ کریں۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ کے دونوں بڑے Valid points ہیں۔

سردار اورنگزیب: میں اپنی تحریک واپس کرتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: Thank you اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: شکریہ سپیکر صاحب۔ شکریہ سپیکر صاحب، بات خزانے کی ہو رہی ہے تو اس پہ سب سے پہلے تو اس کا شعر یاد آ رہا ہے، وزیر خزانہ صاحب بھی سامنے ہیں کہ:

میری مفلسی نے اڑایا ہے میرے فن کا مذاق
تیری دولت نے تیرے عیب چھپا رکھے ہیں

میں جناب سپیکر صاحب، سب سے زیادہ مسائل کا جو ہمارا مرکز ہے وہ ہمارا خزانے کا اس کی جو منسٹری ہے ڈیپارٹمنٹ ہے وہی ہے، یہ وہی ادارہ ہے جہاں سے فنڈز کا غیر منصفانہ تقسیم ہوتی ہے۔ اپوزیشن کے لوگوں کو دیوار سے لگا دیا جاتا ہے، حکومتی لوگوں کو Prioritize کیا جاتا ہے، کچھ سگے ہو جاتے ہیں کچھ سوتیلے ہو جاتے ہیں اور کچھ سوتیلوں کو تو باقاعدہ پس زندان ڈال دیا جاتا ہے۔ تو محکمہ خزانہ سے ہمارے گلے اور شکوے بڑے ہیں بلکہ اس کو میں اگر شکایت کہوں گا تو یہ بجا ہو گا، کوئی غیر مناسب نہیں ہو گا۔ محکمہ خزانہ پہ سب سے بڑا اعتراض یہ بھی ہے کہ جو فنڈز انہوں نے منظور کئے ہیں بروقت ریلیز نہ کرنے پر ہمارے فنڈز لیپس ہو جاتے ہیں اور فنڈز لیپس ہونے کے جتنے الزامات میرے صوبے خیبر پختونخواہ پر لگے ہیں میرے خیال میں وہ کسی صوبے پر نہیں ہیں۔ تو ان کو یا تو حکومت کو سی ایم صاحب کو سوچنا چاہیئے کہ جہاں پہ ضرورت ہو، بظاہر دیکھنے میں منسٹر صاحب تو بڑے قابل لگتے ہیں تو اگر ان کا سٹاف چینج کرنے کے قابل ہے تو ان کو چینج کریں یا اگر کہیں اور کوئی تبدیلی کی ضرورت ہے تو اس کو ٹھیک کریں۔ غیر منتخب لوگوں کو سرکاری رقوم دینا اور فنڈز بانٹنا جناب سپیکر، یہ سب سے بڑی زیادتی ہے کہ آپ منتخب نمائندوں کو ایک سائیڈ پہ رکھ لیں اور اپنے پارٹی کے لوگوں کو Accommodate کریں یا سیاسی لوگوں کو آپ Accommodate کریں۔ یہاں پر ایک سسٹم ہونا چاہیئے کہ یہ سب کو بلاتے بٹھاتے، مشورہ کرتے جس طرح انہوں نے بجٹ میں ہم سب کو بالکل بائی پاس کیا، بالکل بلڈوز کیا، نہ کوئی مشورہ، حالانکہ ہم ان کو بتاتے کہ آپ کو کس طرح کرنا چاہیئے۔ ہم یہ بھی نہیں کہیں گے کہ جتنا فنڈ آپ نے محمود خان صاحب کے حلقے میں شفٹ کیا ہے اتنا ہمارے حلقے میں بھیجیں، ہمیں بھی پتہ ہے کہ آپ نے ہمارے ساتھ کرنا کیا ہے، ہم آپ کو Reasonable مشورے دیتے لیکن آپ کا رویہ آپ کے منسٹری کا رویہ

بالکل غلط ہے، یہ ناجائز ہے اور تمام ناانصافیوں کی آماجگاہ منسٹری آف فنانس ہے، اس کو ٹھیک کرنے کی بہت ضرورت ہے اور اس شعر کے ساتھ میں یہ ضرور کہوں گا کہ:

ے اک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر

ہم غریبوں کی محبت کا اڑایا ہے مذاق

Mr.Speaker: Thank you

جناب اختیار ولی: جناب سپیکر، صاحب ان کو سب سے زیادہ ورکنگ کی ضرورت ہے ان کو سب سے زیادہ محنت کی ضرورت ہے اور اس صوبے کو، میں آج اس فلور پہ خیبر پختونخوا کے غریب عوام اور ان مظلوموں کو جو بھوکے ہیں پیاسے ہیں بے روزگار ہیں، ان کی خاطر میں ان کو درخواست کرتا ہوں کہ برائے مہربانی آپ اپنے کام پہ بھرپور توجہ دیں۔ آپ کے پاس وقت زیادہ نہیں ہے اور سب سے زیادہ کام آپ ہی کو کرنا ہے، یہاں پہ معاملات کچھ بہتر ہوں گے تو باقی جگہوں پہ ٹھیک ہوں گے، شکریہ۔

جناب سپیکر: Thank you سردار یوسف زمان صاحب

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، میں وقت بچانے کے لئے تفصیل میں نہیں جانا چاہتا، صرف منسٹر صاحب کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ کسی ڈیپارٹمنٹ کی کسی بھی پوسٹ کے لئے ایس این ای وغیرہ آتی ہے تو اس پہ سب سے بڑی رکاوٹ ہوتی ہے Sanction کے لئے، یہ محکمہ خزانہ کرتا ہے، اتنے اس پر اعتراضات لگائے جاتے ہیں کہ بار بار وہ پورا سال بھی گزر جاتا ہے دو سال گزر جاتے ہیں تو محکموں کی کارکردگی پر بھی اثر ہوتا ہے۔ تو یہ جو ہے ایک تو میرا یعنی وزیر صاحب کے نوٹس میں یہ ساری چیزیں ہیں تو محکمہ خزانہ کو تو چاہیئے کہ وہ زیادہ سے زیادہ جتنے بھی Efficient طریقے سے کام کرے گا، تو ترقی کے کام بھی زیادہ ہوں گے اور باقی ڈیپارٹمنٹ بھی بہتر طریقے سے چلائے جا سکتے ہیں تاہم میں اپنی جو تحریک ہے واپس کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: Thank you میری ایم پی ایز صاحبان سے گزارش ہے کہ چیف منسٹر صاحب کو Disturb نہ کریں تاکہ وہ بھی تقریریں سن سکیں اور چونکہ انہیں سپیچ کرنی ہے آخر میں تو ان کو پتہ ہو کہ کیا بات چیت ہو رہی ہے۔ میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: Thank you جی۔ سپیکر صاحب، بڑے اچھے ماحول میں کٹ موشنز ڈسکس ہو رہے ہیں، میری فی الحال منسٹر کو دو تین سفارشات ہوں گی، وہ یہ کہ بجلی کا خالص منافع، ٹوبیکو سیس، اور آئل اینڈ

گیس رائلٹی اس کو اگر اکاؤنٹ نمبر ون میں رکھا جائے ڈسٹرکٹ میں تو یہ سرپلس نہیں ہو گا، Revival نہیں ہو گا کیونکہ یہ پھر ڈسٹرکٹ سے واپس آ جائے گا۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ڈاکٹر سمیرا بی بی! آپ کی آواز یہاں تک آ رہی ہے، کان میں بات کریں پھر۔۔۔۔۔

میاں نثار گل: اور دو تین اس پہ رکھ دیں گے۔ اور دوسری فنانس منسٹر صاحب کو یہ ریکویسٹ ہو گی کہ کورونا میں، کوڈ میں ہمارے ڈسٹرکٹ سے رائلٹی سے 18 کروڑ روپے واپس آئے ہیں ففٹی پرسنٹ کٹ لگی تھی۔ اس کے ٹینڈر بھی ہو گئے ہیں، سارا پراسیس ہو گیا ہے کام بھی بند پڑے ہیں، یہ بھی ریکویسٹ ہو گی اور تیسری ریکویسٹ یہ ہے کہ جی یہ شیئر ٹوبیکو سیس، بجلی کا خالص منافع اور ٹوبیکو سیس، یہ جب مرکز سے صوبے میں آتے ہیں تو اس میں 10% رائلٹی ہر ڈسٹرکٹ کی ہوتی ہے برائے مہربانی اس حساب کو ضلعوں میں کیونکہ اس دفعہ جب میں بجٹ دیکھ رہا تھا کرک 64% پیداواری ضلع ہے لیکن اس کو پیسے کم ملے ہیں، تو پھر یہ ضلعوں میں تضاد ہو گا اور ایک اور ریکویسٹ بھی ہو گی کہ تحصیل کا شیئر پہلے ہر ڈسٹرکٹ میں ہوا کرتا تھا بجلی خالص منافع میں بھی، ٹوبیکو سیس میں بھی اور آئل اینڈ گیس میں بھی، ایریا ڈیویلپمنٹ پروگرام جب بنا ہے تو اس کے بعد تحصیل شیئر کو Disturb کیا گیا ہے، اس سے تحصیل میں تقریباً جن تحصیلوں میں پیداواری تحصیل ہے وہ تھوڑے بہت لوگ احتجاج کر رہے ہیں اور وزیر اعلیٰ صاحب سے یہ ریکویسٹ ہو گی، محمود خان صاحب سے کہ اکرم خان درانی نے پانچ پرسنٹ بڑھائی تھی، امیر حیدر خان ہوتی صاحب نے بھی پانچ پرسنٹ بڑھائی تھی اور یہ دو حکومتیں ہیں اگر پانچ پرسنٹ بڑھا دیں تو میرے خیال میں اس کا نام بھی اس میں لکھا جائے گا کہ جی دس سے پندرہ کر لی، باقی میں اس امید کے ساتھ کہ آپ مجھے جواب دیں گے، اپنی کٹ موشن کو واپس لیتا ہوں۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: Thank you میاں صاحب۔ ثوبیہ بی بی۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: Thank you جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں بھی یہی کہوں گی کہ فنانس منسٹر صاحب نے اس ایوان میں جتنے بھی ممبران ہیں ایک سے بھی نہیں پوچھا کہ اس کے حلقے میں کیا کیا مسئلے ہیں نہ کسی کو بلایا، میرا تو خیال تھا کہ اپوزیشن کے ممبران کو نہیں بلایا لیکن منسٹر صاحب نے اپنے ہی ممبران سے بھی نہیں پوچھا کہ ان کے حلقوں میں کیا کیا ضروریات ہیں۔ وہ بھی ووٹ لے کر آئے ہیں اس عوام کے نمائندے ادھر بیٹھے ہیں تو یہ اگر یہ بجٹ بنتا بھی ہے تو اگر پہلے روایات نہیں بھی ہیں لیکن ہمیں ہمارے فنانس منسٹر سے کہ ان کا طریقہ سب سے الگ ہے، الگ تھا، ایک Educated تھا، اس کی بجٹ سپیچ

اور سب جو ہے وہ سب سے الگ تھے تو یہ بھی اس میں ذرا اضافہ کر دیتے کہ سارے ممبران کو بلا دیتے، اگر پورا نہ بھی کر سکتے لیکن کم سے کم سب کو سن تو لیتے کہ کس کے حلقے میں کیا کیا مسائل ہیں تاکہ اس کے مطابق اپنے بجٹ کی تقسیم وہ کرتے اور ایک حلقے میں یا ایک نہ مردان کو چلا جاتا نہ ایک ہری پور کو جاتا، نہ ایک صوابی کو جاتا اور سب کو اپنا اپنا حصہ مل جاتا۔ تو ایک کا حصہ دوسرے کو دینا، آخرت میں بھی فنانس منسٹر کو جواب اللہ تعالیٰ کو بھی دینا ہو گا۔ تو ابھی لوگوں کے اثر ورسوخ سے یا Approaches سے، اس سے ہر ممبر کو اگر اپنا حصہ ملتا اور فنڈ ملتا تو یہ زیادہ مہربانی ہوتی۔

Mr.Speaker: Thank you.

محترمہ ثوبیہ شاہد: اور اس میں اصلاحات کرتے تو زیادہ بہتر ہوتا۔

جناب سپیکر: Thank you حافظ عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: جناب سپیکر صاحب، موجودہ کٹ موشن پر میں یہ کہوں گا کہ جو فاٹا میں Merged اضلاع میں جو AIP کے تحت یا باقی جو منصوبے ہیں اس کے تحت جو فنڈز مختص کئے جاتے ہیں فاٹا (Merged areas) کے لئے تو جو گزشتہ دو سالوں میں یا انضمام کے بعد تین سال ہو گئے، اس کے تحت ہر سال 100 ارب روپے ہیں یا باقی جو اے ڈی پی میں سکیمیں ہوتی ہیں تو استعمال بہت کم ہوتی ہیں۔ تو باقی یہ بات وزیر خزانہ صاحب کی طرف سے سوال ہے کہ کیا وہ فنڈز لیپس ہوں گے سال کے اختتام پر یا نہیں ہوں گے، ایک یہ بات ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ ہمارے دو ہاسپیٹلز ہیں سول تحصیل کی سطح پہ سرار وغا ہسپتال ہے، تانک ہاسپیٹل ہے، تانک کا نیگرم، جو کئی سالوں سے زیر تعمیر ہے 2004 سے تقریباً وہ ابھی تک کمپلیٹ نہیں ہو رہا۔ لہذا ہماری جو اس دن میں نے بات کی تھی یہاں تو اس پر کوئی نصیر اللہ صاحب کی کوئی جوابی کارروائی ہوئی تھی، جس پر انہوں نے کہا تھا کہ جمعیت والے کرپشن کرتے ہیں تو میری یہاں پر فلور پہ میں یہ کہوں گا، اگر ان کا یہ ہے تو حکومت تو ہماری نہیں، حکومت تو ان کی ہے، اس کی تحقیقات ہو جائیں اور میں مطالبہ کرتا ہوں کہ بھرپور تحقیقات ہو جائیں اور میں کہوں گا کہ وہاں ہمارے ایک ڈی ای او ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آئے ہیں جس کے بارے میں یہ بات ہم تک شواہد کے ساتھ پہنچی ہے کہ اس کے ٹرانسفر پر 32 سے 35 لاکھ روپے لئے گئے ہیں صرف ٹرانسفر پر، شاید منسٹر صاحب کو بھی معلومات نہ ہوں درمیان میں اور لوگ، تو یہ اسی طرح ایک ایک ٹرانسفر پر اگر 35 لاکھ روپے اس سے لئے جاتے ہیں تو درمیان میں وہ کہاں سے پورے کرے گا، تو میں کہوں گا، میں یہ فلور پہ شاید منسٹر صاحب کو معلومات نہ ہوں۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ جب ایجوکیشن کے اوپر آئے تو اس وقت یہ بات کریں ابھی تو فنانس پہ کریں۔

حافظ عصام الدین: یہ چونکہ فنانس کا نقصان ہو رہا ہے یہ سب سے اگر وہ تو اپنی فنانس وہاں سے پوری کرے گا۔

جناب سپیکر: نہیں یہ فنانس کو نقصان نہیں ہو رہا ہے ڈی ای او اپنی جیب سے پیسے دے رہا ہے۔

حافظ عصام الدین: ساتھ ساتھ جو یہ ہے کہ میں اپنا ریلیز جب تک، اس وقت تک ریلیز نہیں ہونا چاہیئے جب تک سکیم کی بھرپور چیک اینڈ بیلنس نہیں ہوتی ہے۔ میں اپنے حلقے تک تو کم سے کم یہ بات کروں گا کہ تین۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Thank you جی بیٹنی صاحب۔

جناب محمود احمد خان: تھینک یو جناب سپیکر، چیف منسٹر کو بھی ریکویسٹ ہے اور وزیر خزانہ کو جناب سپیکر صاحب، پرویز خٹک کے ٹائم پہ سپیشل پیکج DDF یہ کچھ ایم پی ایز کو ملے تھے فنڈز لیکن ابھی تک ان کی Liabilityجناب سپیکر صاحب، آپ کے حلقے میں بھی ہوں گے اور لوگوں کے، دو تین ارب روپے ٹوٹل صوبے کی Liability بنتی ہے۔ وزیر خزانہ صاحب سے ریکویسٹ ہے سر، دو تین سال ہو گئے ہیں کہ ابھی تک وہ Liability اسی طرح برقرار ہے، کم از کم اس بجٹ پہ جولائی کے First week میں یا Second week میں، چیف منسٹر کو ریکویسٹ کرتے ہیں کہ یہ Liability کا مسئلہ کم از کم، یہ سارے ایم پی ایز، اس ہاؤس کا مسئلہ ہے سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: Okay شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: Thank you جی۔ ایک تو میں ہمارے جو منسٹر صاحب ہیں میں، خزانے کے حوالے سے تھوڑی سی Confusion بھی ہے کہ ہم نے دیکھا ہے کہ جب آپ لوگ Allocation کرتے ہیں تو وہ ایک ارب کی، لیکن پھر جب Releases کی بات آتی ہے تو اس میں 10 لاکھ 20 لاکھ یا 15 لاکھ کی ریلیز، تو ایک تو یہ بڑا ایشو ہے مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ آپ کی پالیسی کیا ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ تھوڑا سا مجھے منسٹر صاحب یہ بھی بتا دیں کہ آپ کے جو فنڈز کی تقسیم کا طریقہ کار ہے اس کا Mechanism کیا ہے۔ آیا یہ سیاسی بنیادوں پہ ہے، اگر سیاسی بنیادوں پہ ہے تو پھر تو جو آپ کچھ کر رہے ہیں وہ تو ٹھیک ہے لیکن اگر اس کے لئے کوئی پالیسی کوئی Mechanism ہے کہ آپ نے ایک ممبر کو 20 کروڑ دینے ہیں ایک کو آپ نے دو کروڑ دینے ہیں اور ہم جیسے لوگوں کو آپ نے بالکل Ignore کرنا ہے۔ تو یہ بھی تھوڑا سا آپ ہمیں بتا دیں اور ایک میری سر، یہ Suggestion ہے اس لئے اس بات، میں واپس

لوں گی کٹ موشن لیکن ایک اور آپ کو ریکویسٹ ہے کہ خواتین کے حوالے سے یہاں پہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ احساس پروگرام ہے یا اور ایسے پروگرامز ہیں، بجائے اس کے کہ ہم یہ خیراتی جو چیز کرتے ہیں اگر اس کے بجائے کوئی ٹیکنیکل ایجوکیشن کی طرف ہم جائیں تاکہ ہماری خواتین اپنی پاؤں پہ کھڑی ہوں، تو ان چیزوں کی بجائے اگر فنانس اس پہ اور Last بات جو ہماری ڈیپارٹمنٹ میں جو پراجیکٹ کے سرکاری جو ملازمین ہوتے ہیں جو پراجیکٹ ملازمین، Sorry، ان کی سیلری پندرہ ہزار ہوتی ہے جو ابھی اکیس ہزار ہے وہ چار چار مہینے تک ان کو نہیں ملتی تو یہ Kindly آپ فنانس ڈیپارٹمنٹ جو ہے یہ دیکھیں کہ وہ غریب لوگ ہوتے ہیں اور وہ پھر ہمیں کال کرتے ہیں پھر ڈیپارٹمنٹ کو، اس کے ساتھ میں واپس لیتی ہوں سر۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you, withdrawn. Ji Minister Sahib.

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر، پہلے تو میں سارے ممبران کا جنہوں نے کٹ موشنز واپس لئے، ان کا بھی جنہوں نے Comments دے کے کٹ موشنز واپس لئے سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جو سوال یا جو Comments تھے، مس حمیرا خاتون نے Money، پیسے لیپس ہونے کی بات کی اور اس پہ جناب سپیکر، Already میں بول چکا ہوں، کتابوں میں بھی ہے، پرانی تعریف بھی ہے کہ خاص طور پہ پچھلے دو سال میں تو ہم نے ایک پیسہ بھی، ایک روپیہ بھی نہیں لیپس کرایا اور وہ بڑا ضروری تھا جو میرے خیال میں ایم پی اے صاحبہ Confused ہو رہی ہے، وہ اس بات سے ہو رہی ہے کہ جو Funding shortfall آتی ہے تو وہ پورے ملک میں آتی ہے لیکن ہم نے Covid کی وجہ سے میں 2019-20 کی مثال دیتا ہوں۔ جب 615 ارب روپے آئے اور ہم نے 635 ارب روپے جو ہے وہ لگائے اور اس لئے لگائے کہ اکانومی چلے، Development budget maximize ہو۔ تو پیسہ ایک بھی نہیں لیپس ہوتا نہ کوئی ہم پیسہ صوبے سے واپس وفاق کو دیں گے۔ جناب سپیکر، خوشدل خان صاحب نے تین سوال کئے، ایک انہوں نے سوال کیا سپلیمنٹری گرانٹ کے بارے میں کہ یہ Annual Budget کے ساتھ کیوں سارے سپلیمنٹری گرانٹس مل کے جو ہے وہ Present ہوتے ہیں تو دو باتیں ہیں، اس پہ ہم نے اس دن بھی بات کی تھی، ڈیپارٹمنٹ نے کی تھی کیونکہ عادت ہے ان چیزوں کے بارے میں سیکھنے کا تو پہلے تو یہ ہے کہ سپلیمنٹری گرانٹ پہلے کیبنٹ سے Approve ہونی پڑتی ہے اور وہ Typically ہم بجٹ سے پہلے جو ہے وہ زیادہ تر Approve کرتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ جو Procedure ہے کا وہ تو Article 124 کے ساتھ Inline ہے لیکن یہ خوشدل خان صاحب کی بات ضرور ٹھیک ہے کہ ہمیں کوئی چیز اس سے روکتی بھی نہیں ہے کہ ہم Supplementary grant through the year بھی

اسمبلی کے سامنے لائیں، یہ پاکستان میں کہیں ہوتا نہیں ہے لیکن اس میں جو ہے وہ بات کر لیتے ہیں فی الحال جو یہاں پہ Tradition ہے جس طریقے سے Article 124 یہاں پہ Implement ہوتا ہے، وہ پورے پاکستان میں اسی طریقے سے ہوتا ہے تو میرے خیال میں Again بڑا ٹیکنیکل سوال تھا لیکن اس کا جواب جو ہے وہ یہی ہے اور میرے خیال میں جیسے ہم نے بہت سی اور ترامیم کی ہیں جیسے اسمبلی کی اور ہماری پارلیمنٹری روایات کی اور فنانشل مینجمنٹ زیادہ کچھ اور ہوتی ہے اس پہ غور ہو سکتا ہے کہ ہم کونسے سپلیمنٹری گرانٹس جو ہیں وہ Consolidated طریقے میں لے آئیں اور کونسے سپلیمنٹری گرانٹس جو ہیں وہ ہم At the time جو ہے اسمبلی سے Approve کرائیں، اس پہ ڈیبیٹ ہونا میرے خیال میں ضروری ہے۔ جناب سپیکر، جو خوشدل خان صاحب نے Allocations کی بات کی وہ چونکہ، دو تین ممبرز نے اور بھی کی تھی، وہ میں ایک بار پھر End میں جو ہے اس کو Deal کروں گا جو انہوں نے بات کی، انتہائی ضروری سوال تھا کہ جو جون میں Spending ہوتی ہے اور Releases جون میں ہوتے ہیں اس پہ میں ضرور کہنا چاہوں گا کہ جناب سپیکر، یہ تو وہ تاریخی سال ہے کہ وہ ہم بدل رہے ہیں اور کیسے بدل رہے ہیں کہ جب ایک جولائی کو 100% ڈیویلپمنٹ بجٹ ریلیز ہو جائے گا تو پھر اس کے بعد فنانس کے لحاظ سے یا گورنمنٹ کے لحاظ سے یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ ہم نے یہ Releases ٹائم پہ کیوں نہیں کئے۔ تو اب اس کے بعد تو یہ ڈیپارٹمنٹل ایڈمنسٹریشن پہ، پراجیکٹس پہ یہ ابھی لازم ہو جاتا ہے کہ یہ Spending جو ہے یہ Through the year ہو اور میں دوبارہ کہتا ہوں، میں شکریہ ادا کرتا ہوں خوشدل خان صاحب کا یہ Point raise کرنے کا کہ میرے خیال میں یہ فلور آف دی ہاؤس پہ دوبارہ کہنا چاہیئے کہ یہ پاکستان میں نہیں برصغیر میں پہلی حکومت ہے جو کہ یہ قدم لے رہی ہے کہ سارا جو ڈیویلپمنٹل فنڈ ہے وہ سال کے پہلے دن کو Release کر دے گی اس لئے کہ Spending بہتر ہو۔ (تالیاں) جناب سپیکر، اختیار ولی صاحب نے دو تین Comments کئے، انہوں نے دو تین اشعار بھی جو ہیں وہ کہے تو ان کے جو کے ڈسٹرکٹ کے ممبر ہیں خلیق صاحب کے کچھ اعتراض تھے کہ انہوں نے شاعری صحیح نہیں کی تو میں ذرا خلیق کو اور کامران کو جو ہے وہ کہتا ہوں کہ وہ پہلے ان کی شاعری Correct کر دیں پھر میں اگر اجازت ہو پھر میں ان کے باقی پوائنٹس کا جواب بھی دیتا ہوں On a lighter note تھوڑا سا یہ ماحول بھی ایسا ہی رکھنا چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہوگا یہ مناسب نہیں ہوگا، میرے خیال میں ہمیں ایوان کو کسی کی شاعری کو Correct کرنے کا کوئی وہ نہیں ہے۔ تیمور سلیم جھگڑا صاحب! تیمور صاحب آپ اپنی بات مکمل کریں وہ پھر ویسے Cross talk اور نیا ماحول ہو جاتا ہے۔

وزیر خزانہ: جناب سپیکر، اختیار ولی صاحب نے ویسے ایک سیریس بات بھی کی کیونکہ میری اپنی شاعری کی نالج تھوڑی کمزور ہے تو مجھے تو ان کے شعر بڑے اچھے ہی لگے تھے لیکن جو مجھے بتایا گیا شاعری کے Experts سے انہوں نے کہا کہ یہ جو ہے یہ Correct کرنا ضروری ہے لیکن انہوں نے اختیار ولی صاحب نے یہ کہا کہ غیر منتخب لوگوں کو فنڈ دیا جاتا ہے، اس پہ جناب سپیکر، میرا اعتراض ہے۔ جناب سپیکر، جو فنڈ ہے پہلے بھی ریکارڈ پہ کہہ چکے ہیں اور یہ Principle establish کرنا بڑا ضروری ہے، یہ فنڈ نہ منتخب لوگوں کا ہے نہ غیر منتخب لوگوں کا ہے، یہ جو یہ سارا بجٹ ہے اس صوبے کے چار کروڑ عوام کا ہے، یہ نواز شریف صاحب کی حکومت تو ہے نہیں کہ شہنشاہانہ طریقے میں جہاں پہ فنڈ استعمال کرنا چاہا تو وہاں پہ استعمال کیا۔ آپ کو جناب سپیکر، میں یاد دلاتا ہوں اختیار ولی صاحب کو بھی یاد دلاتا ہوں کہ پنجاب کا 56% بجٹ ایک ضلع پہ استعمال ہوتا تھا تو میرے خیال میں یہ وہ روایات ہیں جو وہ سمجھتے ہیں کہ ہم یہاں بھی جو ہے وہ اختیار کرتے ہیں وہ ہم نہیں کرتے۔ جناب سپیکر، میرا پشاور سے تعلق ہے سب سے پہلے مجھے کہنا چاہیئے کہ اگر پنجاب میں 50% بجٹ، 56% لاہور پہ استعمال ہوتا تھا تو ہم پشاور میں کیوں نہ کریں کیونکہ جناب سپیکر، ہمارے صوبے کا کلچر اور طریقے کا ہے، Egalitarian ہے تو ہم تو فخر سے کہتے ہیں کہ پشاور پورے صوبے کی ڈیویلپمنٹ کو بھی Contribute کرتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ ساتھ پشاور کی ڈیویلپمنٹ بھی ہو تو یہ میرے خیال میں بالکل ایک غیر مناسب Comment تھا اور اختیار ولی صاحب کو یقین دہانی دیتا ہوں کہ پی ایم ایل (این) کی گورنمنٹ میں اور پرائم منسٹر عمران خان صاحب کی اور چیف منسٹر محمود خان صاحب کی گورنمنٹ میں یہی فرق ہے کہ ہم سارے صوبے کے ساتھ انصاف کرتے ہیں اور اسی طرح جب ہم نے صحت انصاف کارڈ دیا تو انصاف کیا اختیار ولی صاحب اپنے حلقے میں کسی بھی خاندان سے پوچھیں، ان کے جیب میں یہ دس لاکھ روپے کا چیک ہوگا اور یہ پاکستان تحریک انصاف کی گورنمنٹ نے ہی دیا تو اس سے زیادہ تو جناب سپیکر، انصاف نہیں ہو سکتا۔ میں ان کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر کوئی ان کے اور گلے شکوے ہیں تو وہ آئیں ہم کوشش کریں گے کہ وہ بھی دور کریں۔ جناب سپیکر، سردار یوسف صاحب نے بات کی بلکہ ایک اور بات اختیار ولی صاحب نے کی، اس سے پہلے میرے خیال میں وہ ضروری ہے کہ

انہوں نے کہا کہ جی سب سے زیادہ جو ہے وہ مسئلے سب سے زیادہ ایشوز جو ہیں وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے Working میں ہیں۔ میں یہ کہوں گا جناب سپیکر، کہ یہ وہی فنانس ڈیپارٹمنٹ ہیں اور وہی صوبہ ہے جس میں سب سے زیادہ مسئلوں کا تو نہیں مجھے پہ اس کا ضرور پتہ ہے کہ سب سے زیادہ ریوینو بھی اس صوبے کا Increase ہوا ہے، سب سے زیادہ ریونیو اس ادارے کا Increase ہوا ہے خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی جو اس فنانس ڈیپارٹمنٹ کے نیچے ہے، سب سے پہلے Releases بھی فنانس ڈیپارٹمنٹ نے اس صوبے کے کئے جو کسی اور صوبے میں On time یا Before time نہیں ہوئے۔ تو میرے خیال میں اگر وہ آئیں بیٹھیں تو ان کو فنانس ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا بتادیں گے۔ سردار یوسف صاحب نے ایس این ایز کا کہا۔ ایس این ایز میں ابھی بھی بالکل میرے خیال میں کوئی بیس، پچیس فیصد مسئلہ ضرور ہو گا لیکن پچھتر فیصد جناب سپیکر، پہلی بار صوبے کی تاریخ میں SNEs approval meetings ہر ہفتے ہوتی ہے، جو خامیاں آتی ہیں وہ اکثر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آتی ہیں، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے SNEs approval میں ریکارڈ سیونگز بھی کی اور ریکارڈ ایس این ایز بھی Approve کی اور ان شاء اللہ اس سال اس پراسیس کو اور بھی بہتر کریں گے یہ میں بالکل Agree کرتا ہوں کہ وہ پراجیکٹس جہاں پر سروس ڈیلیوری ہے، سکول ہو گئے ہسپتال ہو گئے جو Ready ہیں، ان کے ایس این ایز جلد سے جلد Approve ہونے چاہیئں اور ان شاء اللہ جیسے اس سال Improve کیا ہے اور بھی Improve کریں گے۔ جناب سپیکر، جو نثار گل صاحب نے بات کی کہ آئل اور گیس رائلٹی کے فنڈز Reverse ہوئے ہیں یا Reverse ہوتے ہیں یا وہ ڈسٹرکٹ میں رہنے چاہئیں۔ جناب سپیکر، دو چیزیں ہیں ان شاء اللہ ہم کریں گے، ایک تو یہ ہے کہ چاہے وہ این ایچ پی ہو، ٹوبیکو سیس ہو اور یہ آئل اینڈ گیس رائلٹی ہو تو اس کا آگے جیسے ہم نے اگر باقی بجٹ اتنا شفاف طریقے میں پیش کیا ہے، جب بجٹ کے Approve ہونے کے بعد فائنل ڈاکیومنٹس پرنٹ ہوں گے تو میں فنانس ڈیپارٹمنٹ کو کہتا ہوں کہ یہ تینوں جو کیسز ہیں، رائلٹیز ہیں، ان کی ڈیٹیل فائنل بجٹ بک میں Annually print کیا کریں کہ کتنا جو ہے وہ Concerned district کو مل گیا ہے، کتنا ان کا شیئر ہے، کتنا مل گیا ہے کتنا نہیں ملا تا کہ اگر دو چار روپے کم ملے وہ ہم پورے کریں۔ جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر صاحب! ذرا Precise کریں تا کہ Short, short answer دیں۔

وزیر خزانہ: پھر بات ہوئی عوامی نمائندوں سے پوچھنے کی۔ جناب سپیکر، اس ہاؤس میں ہم بیٹھے ہیں یہاں پہ یہ پوچھا جا سکتا ہے اور اس کے علاوہ بجٹ ایک اوپن بجٹ پراسیس ہے، سارے صرف عوامی نمائندوں سے نہیں پبلک سے بھی پوچھا جاتا ہے اس کے بارے میں اور وہ فورمز بھی جو ہیں وہ اوپن ہیں۔ جناب سپیکر، قبائلی اضلاع کے فنڈز کے لیپس ہونے کی بات ہوئی، قبائلی اضلاع کے سارے فنڈز Ring fenced ہیں ایک روپیہ بھی جو ہے وہ کہیں اور نہیں لگ سکتا اور ایک روپیہ بھی لیپس نہیں ہوتا اور ان کی Accounting balance بھی ہم فائنل بکس میں جو ہے وہ پبلش کریں گے تاکہ سب کو پتہ ہو۔ جناب سپیکر، ریلیز کی تقسیم کی بات ہوئی، Liabilities کی بات ہوئی، Liabilities ہم کلیئر کر دیں گے اور ریلیز کی تقسیم کی بات ہوئی۔ ریلیز کی تقسیم جو ہے وہ سیاسی بنیادوں پہ نہیں ہوتی اے ڈی پی پالیسی پہ ہوتی ہے، اے ڈی پی پالیسی پی اینڈ ڈی کی ویب سائٹ پہ موجود ہے اور اس کے تحت ہی جو بھی سکیمز دیتے ہیں وہ Schemes technically دیکھے جاتے ہیں اور Approve ہوتے ہیں۔ جناب سپیکر، میں ریکویسٹ کرتا ہوں سارے اپوزیشن ممبرز سے جنہوں نے کٹ موشنز واپس نہیں لئے کہ وہ اپنے کٹ موشنز واپس لیں۔

Mr. Speaker: Thank you. Ji Humaira Khatoon Sahiba! Withdrawn? آپ نے تو پہلے Withdraw کر لیا ہوا ہے۔

محترمہ حمیرا خاتون: نہیں سر، نہیں یہ تو دوسرا نہیں ہے سر، ہاں بس وہ تو میں نے Withdraw کیا ہے۔

جناب سپیکر: یہ تین نمبر ہے۔

محترمہ حمیرا خاتون: جی جی وہ میں نے کیا۔

جناب سپیکر: خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: Withdraw کرتا ہوں سر۔

جناب سپیکر: Thank you اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: سر، آنریبل منسٹر صاحب فرما رہے ہیں، میں ان کی قابلیت کا قائل بھی ہوں، یہ بڑے پڑھے لکھے اور بڑے مجھے یہ اچھے بھی لگتے ہیں، ان کے بولنے کا انداز بھی اچھا ہے لیکن To be honest میں بات یہاں پہ پرفارمنس کی اور کام کی کر رہا ہوں۔ وزیر خزانہ صاحب! یہ آپ کا تیسرا بجٹ تھا اور آپ کا بجٹ اگر اچھا ہے میں آپ کو پھر دعوت دیتا ہوں یہی بجٹ تقریر آپ اٹھا کے آپ آ جائیں ذرا چوک یادگار میں پڑھیں آپ کو پتہ لگ جائے گا کہ کتنا عوامی بجٹ آپ نے پیش کیا ہے، اگر کسی نے اس کی تعریف کی ہم

آپ کو ہار بھی پہنائیں گے۔آٹھ سال سے اس صوبے کی،آٹھ سال پہلے جب اس صوبے کی باگ دوڑ آپ کے ہاتھ میں آئی تو اس صوبے پہ 33ارب روپے کا قرضہ تھا،ان تین سالوں میں اس صوبے پہ 268 ارب روپے کا قرض چڑھ گیا ہے اور 378ارب روپے کے مزید قرضے پائپ لائن میں ہیں تو اب آپ اندازہ لگالیں کہ آپ کی کیا مینجمنٹ ہے،آپ کی کیا پرفارمنس ہے۔آپ ایک لائق بندے ہیں، پڑھے لکھے ہیں،آپ اچھی انگریزی بھی بول لیتے ہیں،آپ کو شعروشاعری نہیں آتی تھوڑا ہمارے پاس ہماری صحبت میں بیٹھا کریں ان شاءاللہ آپ کو ٹھیک والے شعر بھی سکھائیں گے کہ آپ پھر پڑھ بھی سکیں گے اور لوگ Enjoy بھی کریں گے اور اس سے آپ کچھ سیکھیں گے بھی۔ قبائلی اضلاع کے لئے ان کے جو فنڈز ہیں میرا مطالبہ ہے کہ جو منتخب نمائندے ہیں، جو ایم پی ایز ہیں، ان کے ذریعے ان کو دیئے جائیں اور ان کے ذریعے اس کو تقسیم کیا جائے، یہ انہی کے ہاتھوں پہ لگنا چاہیئے۔ میرا مطالبہ ہے آپ سے اور میں آپ سے پھر یہ سوال کروں گا کہ اپوزیشن کو فنڈز دینے کا آپ نے کیا ارادہ کیا،آپ نے کیا Mechanism بنایا، آپ اس میں ہمارے حلقوں کو کس نظر سے دیکھ رہے ہیں، آپ اس میں ہمیں کس طرح Accommodate کر رہے ہیں،اس پہ تھوڑا مطمئن کریں اور وزیر خزانہ صاحب میں یہ To be honest اس فلور پہ یہ بات ریکارڈ پہ لانا چاہتا ہوں میرا ذاتی عناد کسی کے ساتھ نہیں ہے،آپ نے بات میرے جواب میں نواز شریف کی کر دی۔ نواز شریف وہ لیڈر ہے جس نے موٹروے بنائی تو پورے پاکستان کے لئے بنائی،اس نے ایٹمی دھماکے کئے تو پورے پاکستان کے لئے کئے، وہ امن لایا تو خیبر پختونخوا، سندھ، پنجاب، بلوچستان پورے ملک میں لایا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>:اختیار ولی صاحب! دیکھیں آپ پھر میری عرض سنیں، میری عرض سنیں۔ طریقہ کار یہ ہے آپ پہلے ڈیبیٹ کر چکے اس کے اوپر منسٹر صاحب نے جواب دیا اب آپ کہیں Withdraw کرنا ہے یا نہیں کرنا ہے بس۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: Simple ایک بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>:آپ نے پھر تقریر شروع کر دی۔

<u>جناب اختیار ولی</u>:اس ریکویسٹ کے ساتھ کہ آنریبل منسٹر صاحب میں خود ایک فائٹر ورکر ہوں، میری بتیس سالہ سیاسی جدوجہد ہے، میرے لئے اسمبلی میں، اسمبلی سے باہر اور جیل میں دن اور رات یہ ایک جیسے ہوتے ہیں۔ چودہ بار جیل کھا چکا ہوں، میں ہر قسم کے حالات کے لئے تیار اور ہر وقت Ready رہتا

ہوں۔آپ سے گزارش ہے کہ ناانصافی نہ کریں اور تمام حلقوں کے ساتھ جس طرح جس کا حق بنتا ہے اس کو اس طرح حق دیں۔ میں اس طمع کے ساتھ اور اس امید کے ساتھ کہ آپ برا نہیں کریں گے، آپ انصاف کریں گے تمام دوستوں کے ساتھ، تمام Colleagues کے ساتھ، حکومت کا نظام علیحدہ رکھیں گے، سیاست کا نظام آپ علیحدہ رکھیں گے۔آپ سے اسی امید کے ساتھ میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں اور جو بھائی میرا شعر Correct کرنا چاہ رہا تھا، یہ دو جملے ان کے لئے:

ے چې ستر کې چې مې ستر کو سره ستا اولګيدې
ډيرې بنائسته په زړه زما اولګيدې
ته چې په ګيله زما غصه شوې مخ د سور شولو
حسن د سيوا شو زما لا اولګيدې
او ما خو دا ګزار په رقيب کړے وو
ته رانه په مينځ کښې په خطا اولګيدې

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: Thank you سردار یوسف صاحب۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: جی میں نے Withdraw کر دی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Sobia Shahid Sahiba! Withdrawn?

<u>محترمہ ثوبیہ شاہد</u>: Thank you جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، منسٹر صاحب کے لئے Withdraw کرتی ہوں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Thank you. Hafiz Isam-ud-Din Sahib! Withdrawn?

<u>حافظ عصام الدین</u>: جی ہاں۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 03, therefore, the question before the House is that-----

(Pandemonium)

<u>جناب سپیکر</u>: منسٹر صاحب! ہاؤس آرڈر، پلیز۔ یہ بھول ہی گیا میں کہتا ہوں واپس۔ Since all the Honourable Members have withdrawn their Cut Motions on Demand No. 03, therefore the question before the house is that Demand No. 03 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 04, Minister for Parliamentary Affairs and Human Rights on behalf of honorable Chief Minister, to please move his Demand No. 04.

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 72 کروڑ 62 لاکھ 4 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کے لئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2022 کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ منصوبہ بندی و ترقی اور شعبہ شماریات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہوں گے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 72 crore 62 lac 04 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2022, in respect of Planning & Development and Bureau of Statistics.

'Cut Motions': Nighat Orakzai Sahiba! Withdrawn?

Ms: Nighat Yasmeen Orakzai: Withdrawn.

Mr. Speaker: Humaira Khatoon Sahiba! Withdrawn?

محترمہ حمیرا خاتون: نہیں جی، سو روپے کی کٹوتی پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Siraj-uddin Sahib, withdrawn، وہ تو Withdraw کر گئے سارے۔ خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Ikhtiar Wali Sahib! Withdrawn?

جناب اختیار ولی: یہ سر، اگر آپ کی مرضی ہے تو Withdraw بھی کر لیتے ہیں لیکن یہ اس پہ مطالبہ زر نمبر چار، میں اس پہ تیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees thirty only. Sardar Muhammad Yousaf Sahib.

سردار محمد یوسف زمان: میں پانچ سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five hundred only. Shakeel Basheer Sahib, not around, lapsed. Inayatullah Sahib, lapsed. Akram Khan Durani Sahib, to please move his cut motion on Demand No. 04.

جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب، میں پانچ ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Shagufta Malik Sahiba, to please move her cut motion.

محترمہ شگفتہ ملک: پچاس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees fifty only. Mehmood Ahmad Khan Sahib, to please move.

جناب محمود احمد خان: تھینک یو جناب سپیکر، دو سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupess two hundred only. Bahadar Khan Sahib.

جناب بہادر خان: ایک سو روپے کی پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Mian Nisar Gul Sahib.

میاں نثار گل: جناب سپیکر، اکبر ایوب کی خاطر کہ ہمارے جرگے کے ممبر رہ چکے ہیں، حکومت اور ہمارے درمیان ایک فیصلہ ہوا تھا، اس کی خاطر میں یہ کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Nisar Ahmad, to please move. Withdrawn?

جناب نثار احمد: خه جی۔ دا خو جی کهلاؤ شی نو زه به پرې سوچ اوکړم۔ میں اپنا۔۔۔۔

جناب سپیکر: Withdraw کرتے ہیں؟

جناب نثار احمد: دس ہزار، دس ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Sher Azam Khan Sahib, to please move his cut motion.

Mr. Sher Azam Khan: I withdraw.

Mr. Speaker: Withdrawn.

(Applause)

Mr. Speaker: Ahmad Kundi Sahib, to please move.

جناب احمد کنڈی: جی سر، ایک سو تیس روپے کی۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred and thirty only. Sobia Shahid Sahiba.

محترمہ ثوبیہ شاہد: سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred only. Hafiz Isam-ud-Din Sahib.

حافظ عصام الدین: پانچ لاکھ کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five lac only. Sahibzada Sanaullah Sahib.

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ پانچ ہزار کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five thousand only. Sardar Babak Sahib, not round, lapsed. Humaira Khatoon Sahiba.

محترمہ حمیرا خاتون: جی شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میں اپنی کٹ موشن کو واپس لیتی ہوں لیکن میری ایک تجویز ہے کہ اس محکمے کی تھوڑی سی کارکردگی کو بہتر لانے کی ضرورت ہے کیونکہ یہاں پہ ایک ہی ضلع کے اندر ایک ہی PK میں، ایک ہی میں کچھ ممبران کو منظور نظر ہوتے ہوئے ان کے لئے جو فنڈز رکھے جاتے ہیں، اس کی وجہ سے باقی جو Specific اور جو اہم کام ہوتے ہیں اس ضلع کے اندر یا اس PK کے اندر وہ رہ جاتے ہیں۔ لہذا یہاں پر Favoritism کو تھوڑا سا یہاں پہ Ignore کیا جائے اس محکمے کے اندر۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: تھینک یو۔ خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، انہوں نے جو Demand for grant پیش کیا ہے تو اس پر میرے تین کوئسچنز ہیں۔ منسٹر صاحب کو ریکویسٹ کرتا ہوں۔ ایک یہ ہے کہ یہ جو اے ڈی پی سر، ما لہ اے ډی پی را کوی لږ ما دیکښې، (مداخلت) درانی صاحب، خیر تا سو بیا خپل۔ مهربانی۔ اس اے ڈی پی میں سپیکر صاحب، زیادہ تر Umbrella schemes ہیں اور Bulk allocations ہیں۔

جناب سپیکر: اکبر ایوب صاحب! سی ایم صاحب کے جانے کے ساتھ ہی آپ کے ہاؤس میں سے لوگ بڑے دائیں بائیں ہو گئے ہیں۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جناب سپیکر صاحب، مہربانی کر کے Lobbies میں چائے رکھوا دیا کریں، وہ خود چائے اور کافی بنالیں گے۔ آپ چائے نہیں رکھواتے ہیں، لوگ باہر جا کے آپ کے دفتر میں چائے اور کافی پیتے ہیں تو یہ مہربانی کر دیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Lobbies میں چائے رکھیں جی، دونوں Lobbies میں۔ Opposition lobby میں بھی اور۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: مشین رکھیں، ہم خود بنالیں گے۔

جناب سپیکر: اوکے جی۔ Accepted، جی خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر صاحب! یہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے لئے فنڈز تو فنانس منسٹر نے دینا ہے نا۔ جی خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: یہ Department is very important Department اور Rules of Business 1985 میں اس کے بہت زیادہ فرائض بھی ہیں، Obligations بھی ہیں اور Duties بھی ہیں پر فارمنس بھی ہے۔ میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ اس میں زیادہ تر جو میرے ہاتھ میں اے ڈی پی ہے 22-2021 کی، اس میں زیادہ تر Allocation جو ہے Bulk allocation ہے اور Umbrella schemes ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں منسٹر صاحب سے کہ اس کا تقسیم کار کس طرح ہو گا، آپ کے پاس Parameters کیا ہیں کہ آپ اس کو For example میں آپ کو ایک چیز یہاں بتا دینا چاہتا ہوں۔ یہ بتاتا ہوں کہ آپ کے 22-2021 میں جو Ongoing schemes ہیں چار ہزار مساجد ہیں سولرائزیشن کی، آپ نے یہ کس بنیاد پر کن کن حلقوں کو دیئے ہیں؟ کیونکہ وہاں پر Umbrella scheme ہے چار ہزار مساجد، Solarization of four thousand Masajid in Khyber Pakhtunkhwa۔ اب اس کے ساتھ آپ کا کوئی Mechanism نہیں ہے کہ آپ کس طرح اس کی Distribution کریں گے، کس طرح آپ سروے کریں گے اور آیا مطلب ہے آپ نے کن کن حلقوں کو یہ دیئے ہیں، ایک۔ اب آپ نے New schemes میں یہی

Energy and Power کے پانچ ہزار رکھے گئے ہیں تو آپ کے پاس Parameter کیا ہے، Mechanism کیا ہے؟ ایک۔ دوسری بات ہے، آپ کو پتہ ہے Akram Khan Durrani and others ایک کیس ہے، کیس تھا اور ہم نے Contest کر لیا اور اس میں فیصلہ آیا ہے کہ آپ ایک پالیسی بنائیں گے اور پالیسی کے مطابق، تو آپ کی وہ پالیسی جو ہے P&D Policy 2019 موجود ہے۔ اس میں بھی Bulk allocation کو مطلب ہے مسترد کیا ہے کہ ہم آئندہ Bulk allocation نہیں دیں گے بلکہ ہر ایک سکیم کو ہر علاقے کے لئے دیں گے اور اس کے ساتھ پورا اور واضح۔ دوسری بات یہ کہ پھر اس کو بھی چھوڑیں سپریم کورٹ کے رپورٹ، Reported judgment ہے 2014 اور اس کے Page 131 اس میں بھی انہوں نے کہا ہے کہ Bulk allocation آپ نہیں کر سکتے۔ اس کے باوجود آپ نے ایک اپنی پالیسی کے بارے میں جو، اس میں بھی لکھا گیا ہے کہ ہم Bulk allocation نہیں دیں گے اور پھر یہ سپریم کورٹ کے کہ یہ، اور تیسرا کوسچن میرا یہ ہے کہ کیا یہ Discretion میں نہیں آ رہا ہے۔ فرض کیا In case آپ نے چار مساجد کو، چار ہزار مساجد لئے تیں تو یہ پھر کونسی اتھارٹی ہے کہ پھر وہ دیتے ہیں۔ آپ ہمیں یہ بتائیں ہاؤس کو اور یہ کوسچن میں چیف منسٹر صاحب سے بھی پوچھنے والا تھا لیکن وہ چلے گئے، تشریف لے گئے۔ میرا اس سے یہ تھا کہ آپ ہمیں یہ بتادیں کہ چار ہزار مساجد کو آپ نے کس طرح تقسیم کیا ہے، کیا یہ Discretionary نہیں ہے-----

<u>جناب سپیکر</u>: تھینک یو۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: کہ آپ نے ایک اتھارٹی کے ساتھ چار ہزار جس کو وہ چاہتے ہیں، جس کو وہ مطلب ہے Facilitate کرنا چاہتے ہیں اس کو دیتے ہیں جن کو آپ نہیں دیتے۔ کل کسی کو بیس دیتے ہیں، کسی کو آپ سو دیتے ہیں کسی کو آپ چار دیتے ہیں اور پھر آپ نے، تو یہ Discretion میں نہیں آتا؟ بس یہ کوسچن ہے۔

(عصر کی اذان)

<u>جناب سپیکر</u>: سردار یوسف صاحب، اختیار ولی صاحب، سوری۔

<u>سردار محمد یوسف زمان</u>: شکریہ جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: چلیں اس کے بعد، چلیں آپ کر لیں پھر اختیار ولی صاحب اس کے بعد کر لیں۔ کر لیں سردار صاحب، آپ پہلے کر لیں۔

سردار محمد یوسف زمان: شکریہ جناب سپیکر، چلیں بعد میں آپ کر لیں، شکریہ۔ جناب سپیکر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ اینڈ بیورو آف Statistics یہ پلاننگ کے حوالے سے جب بھی بات ہوتی ہے۔ میں جہاں تک یہ سمجھا ہوں یہ بنیادی طور پر جتنا بھی اگر ڈیویلپمنٹ کا دارومدار جس پر ہے وہ پلاننگ ڈیپارٹمنٹ پر ہے اور اس حوالے سے اگر انصاف کے تقاضے بھی پورے کئے جاتے ہیں تو اے ڈی پی اگر دیکھیں تو اس اے ڈی پی میں ہم نے بھی یہ چیزیں دیکھی ہیں کہ بعض حلقوں کو بالکل نظر انداز کیا اور بعض حلقوں کو ضرورت سے زیادہ فنڈز بھی دیئے گئے ہیں۔ اب منسٹر صاحب نے ایک بات کی تھی وزیر خزانہ صاحب نے نواز شریف صاحب کا نام بھی لے لیا اور مثال دے دی، کم از کم یہ اگر اپنے صوبے کو دیکھیں تو بعض ضلعوں میں ابھی بھی اس پلاننگ کے تحت بھی اس وقت بھی بعض ضلعوں کو بہت زیادہ فنڈز ملے اور بعض کو نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ ہزارہ کو یا میرے حلقے کو آپ نظر انداز بے شک کر دیں کم از کم لاہور کی طرح یہ پشاور کو تو بنا دیتے۔ آٹھ سال آپ کے گزرے ہیں یہاں مطلب ہم بھی یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہمارے صوبے کا جو شہر ہے پشاور یہ بھی اس وقت جو ساری Facilities ہیں ان کو ملی ہیں۔ دوسری بات میں یہ ضرور کہوں گا کہ جو اگر نظر انداز کئے گئے تو منسٹر صاحب بتائیں کہ جو Bulk allocation رکھی ہے واقعی اگر PK-34 میں ہے، نہیں ہے، 31 میں ہے، 30 میں ہے، 45 میں، 46 میں، 48 میں ہے تو باقی جو نہیں ہے تو یہ کیا مطلب ہے ایک پلاننگ ہوئی ہے صوبے میں ڈیویلپمنٹ کرنے کے لئے۔ اب اس وقت بھی اگر دیکھا جائے تو اگر ملاکنڈ سوات کو ترجیح دی جاتی ہے بے شک ترجیح دیں، وہاں کے چیف منسٹر صاحب ہیں، ان کو تھوڑا زیادہ ہی مطلب دے دیں لیکن دوسرے لوگوں کے ساتھ ناانصافی تو نہیں ہونی چاہیئے۔ جناب سپیکر، پلاننگ ایک ایسی چیز ہوتی ہے اور Statistic اس کے ساتھ منسلک ہے۔ دیکھیں جی آبادی کے تناسب پر ساری جو ایک ایلوکیشن ہوتی ہے اس کے مطابق ہوتی ہے۔ ابھی اس وقت مجھے تو یہ لگتا ہے کہ یہ حکومت پہلے کام کر کے بعد میں سوچتی ہے اور جس طریقے سے ابھی بہت ساری مثالیں ہیں کہ مختلف جگہ میں اگر شاہراہ بنائی جاتی ہے اس کے ساتھ اگر Encroachment ہوتی ہے تو اس کو یہ نہیں ہٹاتے، اس کو نوٹس نہیں دیتے، اس کو فوری طور پر گرا دیتے ہیں لوگوں کا نقصان کر دیتے ہیں۔ حالیہ سوات میں ایک واقعہ آپ کے سامنے ہوا جی جناب سپیکر، کہ اس وقت وہاں پر جو کمیونٹی ہے، گجر قوم نے باقاعدہ ایک اپنے فنڈ سے گجر سکر ٹریٹ اس لئے بنایا تھا کہ کمیونٹی کو اپنے کام کرنے کے لئے وہ اپنے اخراجات کر کے وہاں پر ڈیویلپمنٹ کرائیں، وہاں پہ تعلیم عام کرائیں، صحت کی سہولت فراہم کرائیں لیکن بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس کو بھی یعنی وہ

دریا سے اتنا دور تھا اس کو بھی گرادیا، بڑی ناانصافی تو یہ ہوئی کہ کروڑوں روپے ان لوگوں نے جمع کر کے جو باہر رہتے تھے اور انہوں نے وہاں پر وہ خرچ اس لئے کئے کہ سوات کے دور دراز علاقوں میں اگر ایک کمیونٹی اپنے لوگوں کو تعلیم دینا چاہتی ہے، وہاں صحت کی سہولت فراہم کرنا چاہتی ہے، روزگار دینا چاہتی ہے، یہ حکومت کے ساتھ تعاون ہے اور اس کو مسمار کر دیا بغیر کسی نوٹس کے ان کی اپنی ملکیت پر، تو یہ سراسر ظلم اور زیادتی ہے اور Ill planning اس طریقے سے۔ ابھی چیف منسٹر صاحب چلے گئے اور اسی ضلع سے ان کا تعلق تھا، میرا خیال تھا ان کی موجودگی میں میں ضرور بات کرتا کہ اگر کمیونٹی کے لوگ عوام اپنے وسائل پیدا کر کے جو کہ علاقے کی تعمیر اور ترقی کے لئے اگر کوئی بنیاد رکھتا ہے تو اس کو گرانا یہ کونسا انصاف ہے۔ یہ اگر ان چیزوں کو نہیں دیکھتے اگر خود بھی نہیں دیتے اور پھر ان کے ساتھ زیادتی کرتے ہیں یہ سراسر زیادتی ہے۔ تو میں اس کی مذمت کرتا ہوں، اس کی باقاعدہ انکوائری ہونی چاہیئے، جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیئے کس کی غلطی تھی اور کس کی وجہ سے اور ان کو اس حق سے محروم کیا گیا ہے۔ اگر کسی کی ذاتی پراپرٹی ہے اس کو کیوں Damage کیا ہے سرکاری تھی، Encroachment تھی بے شک سے حق بنتا ہے لیکن اگر کوئی بات نہیں تھی تو محض اس خاطر اگر کسی کو Victimize کیا گیا ہے کسی بناء پر تو یہ بھی زیادتی ہے کیونکہ ان لوگوں نے بڑا احتجاج کیا ہے اور پورے ملک میں مختلف رفاعی تنظیمیں ہیں، رفاعی ادارے ہیں وہ چلا رہے ہیں۔ یہ سارے رفاعی ادارے جو ہیں ہر شخص کا حق بنتا ہے کہ وہ وہاں پر اگر اس میں شامل ہو کر ملک و قوم کی خدمت کرتا ہے تو یہ تو حکومت کے لئے بھی بڑی بہتر بات ہے۔ تو میں یہ کہوں گا کہ اس وقت جس طرح ہمارے ساتھ ناانصافی ہوئی متعلقہ محکمے کی طرف سے، اس طرح جو ہم نے دیکھا ہے جو اس نے پلاننگ کی ہے تو اس کا ازالہ کس طریقے سے ہوگا۔ ہمارے حلقوں کے ساتھ جو زیادتی ہوئی اس کا ازالہ کس طریقے سے ہوگا، ہمیں مطمئن کریں اور یہ ان کی ذمہ داری بنتی ہے اور یہ عوام کا حق بنتا ہے، یہ ممبران کی بات نہیں ہے عوام کا حق بنتا ہے۔ بہت شکریہ۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you سردار صاحب۔ اختیار ولی صاحب۔

<u>جناب اختیار ولی:</u> Again شکریہ سپیکر صاحب۔ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ، ایک طرف آپ نے پلان کرنا ہوتا ہے دوسری طرف آپ نے ڈیویلپ کرنا ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے آٹھ سال کے اس اقتدار کا جو یہ ایک طویل مدت وہ ہو گیا ایک حکومت ہو گئی۔ ان کو ابھی تک میرے خیال میں اس بات کا ادراک نہیں ہوا کہ شارٹ ٹرم پالیسی کیا ہوتی ہے اور لانگ ٹرم پالیسی کیا ہوتی ہے، قلیل المدتی اور طویل المدتی۔ آپ نے ابھی

تک اس صوبے میں تعلیمی ایمرجنسی لگانے کے باوجود ہماری تعلیم کا جو حال ہے یہ قوم اس سے مطمئن نہیں ہے اپوزیشن کے ممبران، میں اس سے مطمئن نہیں ہوں۔ جو ہماری ہیلتھ کی پالیسی ہے اس سے ہم مطمئن نہیں ہیں۔ نئی یونیورسٹیاں بنانے کا ہمارے پاس کوئی پلان نہیں ہے۔ نئے کارخانے بڑے بڑے انڈسٹریل یونٹس لگانے کا ہمارے پاس کوئی پلان نہیں ہے۔ انہوں نے کوئی پلان نہیں کیا اور دیکھا جائے تو صوبہ ساڑھے چھ سو ارب روپے کا قرضدار اگلے چند سالوں میں ہو جائے گا، تو یہ کیا پلاننگ ہوئی، یہ کیا ڈیویلپمنٹ ہوئی، آپ کس سیکٹر میں پیسے لگا رہے ہیں؟ اگر آٹھ سال کے اقتدار کے بعد آپ سے پوچھا جائے کہ اس صوبے کو کہاں کھڑا ہونا چاہیئے اور آج ہم کہاں کھڑے ہیں تو میرے خیال میں ان کے پاس جواب دینے کو کچھ بھی نہیں ہے۔ ہمارے پاس ایک خیال یا ایک تصور بھی نہیں ہے کہ جس کو لے کے ہم رات کو سکون سے سو جائیں۔ اس صوبے کے طالب علم پریشان ہیں، اس صوبے کے تاجر پریشان ہیں، اس صوبے کے صنعتکار پریشان ہیں، اس صوبے کے دہقان اور مزدور کسان سب پریشان ہیں، سرکاری ملازمین بھی رو رہے ہیں۔ آپ نے پولیس کے لئے کیا کیا؟ پولیس کو دیکھ لیں تو پولیس کا جو حال ہے آج چند دن پہلے یہاں پر ہمارے ایک آنریبل ممبر نے جو اٹھ کے گلے کئے تھے ہماری پولیس سے جس کو مثالی پولیس کہا جاتا ہے۔ ہم مانتے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ خیبر پختونخوا کی پولیس کی دہشتگردی کے خلاف جو فرنٹ لائن پہ ان کا کردار ہے انہوں نے جو جانوں کی شہادتیں پیش کی ہیں اور اس صوبے میں امن لانے کے لئے جو ان کی قربانیاں ہیں وہ سنہری حروف سے لکھی گئی ہیں لیکن ہمارا پولیس نظام کوئی مثالی نظام نہیں ہے۔ اپنے اختیارات ان سے واپس لیں جو سی ایم کے اختیارات ہوتے تھے ان کو واپس دلائیں اور اس صوبے کا یہاں پہ باقاعدہ پلاننگ ہونی چاہیئے مائنگ کے لئے، ایجوکیشن کے لئے، ہیلتھ کے لئے، پولیس کے لئے تمام سول سروسز جتنے ہیں بیوروکریسی کے لئے۔ کوئی پلاننگ نہیں ہے صرف اس پہ دن رات گزارے جاتے ہیں کہ پیسے کہاں لگائیں گے، کہاں Disburse کریں گے، اگلا الیکشن کیسے جیتیں گے۔ جناب سپیکر، الیکشن جیتنا، انتخابی نعرے بنانا وہ ایک اور چیز ہے ملکوں کو بنانا اور پھر قوم کو بنانا وہ کوئی اور چیز ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: Thank you اختیار ولی صاحب۔

جناب اختیار ولی: آپ دیکھ لیں جناب سپیکر، آپ بڑی جلدی ہمیں کٹ کر دیتے ہیں حالانکہ یہ تو اتنا بڑا فیلڈ ہے اس پر تو بندہ بہت لمبی بحث کر سکتا ہے لیکن چلیں میں اس کو کٹ کرتا ہوں، وائنڈ اپ کرتا ہوں۔ جناب

سپیکر، آج کے اس دور میں سب سے زیادہ ضروری ہے کہ پی اینڈ ڈی اپنی باقاعدہ پلاننگ بنائے، اس میں Public representativeاور عوام کی رائے کو شامل کرے کہ ہمارے ایک سال کے جو منصوبے ہوں گے وہ کیا ہوں گے، جو دو سال کے ہوں گے وہ کیا ہوں گے، جو پانچ سالہ مدت کے منصوبے ہوں گے وہ کیا ہوں گے تب ہم جا کے کہیں پہ کھڑے ہوں گے Otherwiseاگر یہ سرکاری خزانے کا پیسہ ادھر لگا ادھر لگا، ووٹ بنا بندے توڑ، کسی کی سیاسی وفاداریاں تبدیل کرو، اس سے کچھ نہیں ہوگا، نہ یہ پلاننگ ہے نہ یہ ڈیویلپمنٹ ہے یہ صرف اور صرف بربادی ہے اور یہ اقرباء پروری ہے اور اس کو Favoritismبھی کہا جا سکتا ہے۔ تو جناب سپیکر، میں انہی الفاظ کے ساتھ، یہ میری پہلی بجٹ سیشن ہے جس میں میں شرکت کر رہا ہوں۔ میں ان الفاظ کے ساتھ کہ امید ہے کہ Next yearان شاء اللہ یہ اپنی کارکردگی کو بہتر بنائیں گے اور پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ پہ جتنے اٹھتے سوال اور جو لوگوں کی اس سے امیدیں ہیں یہ اس پہ پورا اتریں گے، ہماری جہاں پہ ان کو ضرورت ہو گی بغیر ٹی اے ڈی اے کے بغیر کسی لالچ کے ان شاء اللہ آپ کے لئے حاضر ہیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you آنریبل جناب اکرم خان درانی صاحب۔

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف):</u> جناب سپیکر صاحب، آپ کا شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ ہے یہ بنیاد ہے کسی بھی صوبے کا، دو محکمے ہیں ایک ہے فنانس دوسرا پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ۔ فنانس اپنے وسائل اپنے صوبے کے وزیر اعلیٰ خواہ وہ اپنے صوبے کی ریونیو ہو یا فارن فنڈنگ ہو یا لون ہو، اس کو سامنے رکھ کر پھر نئے سال کی منصوبہ بندی کے لئے وہاں پہ جو آمدن ہے، اخراجات ہیں اس میں ڈیویلپمنٹ کا کتنا حصہ ہے۔ تو کسی بھی صوبے کی ترقی کی بنیاد جو ہے وہ یہ ہے کہ صحیح منصوبہ بندی ہو اور اس کی ساری ذمہ داری آتی ہے سیکرٹری پلاننگ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری اور وہاں پر فنانس سیکرٹری یہ تین بنیاد ہیں اور اس کے جو ذمہ دار منسٹر ہوتے ہیں، وہ بھی اس کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ چونکہ وہی اس کے ساتھ بیٹھ کر اور اس کو ہدایات دیتے ہیں لیکن ہماری بدقسمتی کیا ہے جی۔ پھر میرے دوست کے بیٹے اور یہ مجھ سے ناراض ہوں گے۔ میرے چیمبر میں مجھے اکبر ایوب صاحب نے بتایا کہ اے ڈی پی میں نے نہیں بنائی جواب مجھے دے رہا ہے۔ جی جی بڑے آرام سے دیں، ہنستے ہوئے بات کرتا ہوں۔ دوسرا میرا جو فنانس منسٹر ہے اس نے بھی مجھے کہا کہ اے ڈی پی ہم نے بنائی ہے۔ جب فنانس منسٹر کا بھی Roleنہ ہو اور آج کل سلطان صاحب کی جگہ لے لی ہے اکبر ایوب صاحب نے، وہ ہمیں جوابات دے رہا ہے۔ تو جو

آدمی ذمہ داری سے جواب دے رہا ہے اس کے علم میں بھی نہ ہو کہ ڈیویلپمنٹ کیا ہے، کس نے بنائی ہے اور یہاں پر پھر ایک (قہقہہ) اے سی ایس کو ہم اندر نہیں بلا سکتے کہ ضرور اُہم نے اس کو رجوع کرنا ہے جو یہاں پر ہمیں جواب دے رہا ہے۔ ابھی جی میں نے چونکہ میں تو آج خوش تھا اور بڑے اچھے موڈ میں اپوزیشن اور گورنمنٹ کی ایک اچھی سیشن بھی ہوئی اور میں خود یہ آج چاہتا تھا کہ چونکہ چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہیں، یہ ڈیویلپمنٹ کے بارے میں اور لوکل گورنمنٹ کے بارے میں آج میں اس سے درخواست کروں گا کہ سی ایم صاحب آپ ہمیں ذرا جواب بھی دے دیں، تسلی بھی دے دیں اور ہماری جو ڈیمانڈز ہیں اس پہ آپ ذرا غور بھی کریں لیکن سی ایم صاحب میرے خیال میں اگر چیمبر میں بیٹھے ہیں تو پھر تو مجھے خوشی ہے کہ وہ میری بات کو سن رہے ہوں گے ورنہ پھر نئے کسی ذرائع سے وہ باتیں اس کو پہنچ جائیں گی۔ آج اس نے بڑے پن کا مظاہرہ کیا کہ وہاں پر اپوزیشن کے چیمبر میں آئے۔ میں نے وہاں پر بھی اس کو کہا کہ اس سے آپ کی سبکی نہیں ہوئی اس سے آپ کی عزت افزائی ہوئی ہے اور جب آپ عزت افزائی کی طرف اپوزیشن کے ساتھ رابطہ کریں گے تو اپوزیشن آپ کو As a Chief Minister وہ عزت اور وقار دیکھیں گے جو آپ کی کرسی کا حق ہے۔ یہاں پہ جو میں نے اس سال کی جو اے ڈی پی دیکھی ہے وہ کچھ عجیب سی ہے جی۔ ایک تو میں نے یہاں پر بات کی تھی بجٹ میں کہ بجٹ نہ سرپلس ہے نہ متوازی اور میں نے ثبوت بھی دیئے کہ اس میں لون بھی ہے، فارن فنڈنگ بھی ہے جو ابھی تک ہمیں ملی نہیں ہے اپنی جگہ پہ لیکن یہاں پہ آپ ایجوکیشن کو دیکھیں، شہرام خان بھی بیٹھے ہیں۔ میں نے پہلی بار دیکھا کہ اے ڈی پی میں ایک چیز چار پانچ جگہوں پہ آئی ہے، یہ آیا ہے کہ مکتب سکولوں کو سکولوں میں تبدیل کرنا، دو سو، پھر آیا ہے کہ سو سکولوں کو ہم مکتب سکولوں کو ہم کریں گے اور پھر پچاس سکولوں کو، تو آیا یہ صحیح نہ ہوتا اگر ہم تین سو یا دو سو پچاس کو ایک جگہ ایک ہی نمبر دے کر تاکہ سائز اس کا زیادہ نہ ہو اور مڈل سکولوں کو بھی تین جگہ رکھا ہے ایک جگہ پہ نہیں رکھا ہے۔ ابھی مجھے یہ منطق سمجھ میں نہیں آرہی ہے کہ ایک ہی سکول ہے مڈل، گرلز ہم نے پچاس رکھے یا دو سو رکھے اور اتنے میل رکھے۔ دوسرا جی سیکرٹری پلاننگ جو تھا بی آر ٹی کا، ڈیزائن بھی اس نے کیا تھا شہاب علی شاہ نام ہے اور اس کا ڈیزائن تقریباً تئیس دفعہ تبدیل ہوا ہے۔ جہاں پر ہم نے بہت سی بات کی ہے اگر ایک صوبے کا اہم منصوبہ ہے سیکرٹری پلاننگ جو ہے اس کا وہ ڈیزائن تیار کرتا ہے اور اس میں اتنی بار تبدیلیاں ہوں اور جب اختتام کو پہنچے تو ECNEC سے اس کی نامنظوری ہے، تو یہ نااہلی ہے یا غلط منصوبہ بندی آپ کہتے ہیں یا ٹھیک کہتے ہیں۔ ابھی اس بنیاد پر اے سی ایس جو ہوتا ہے،

ایڈیشنل چیف سیکرٹری وہ بڑا ذمہ دار ہوتا ہے ڈیویلپمنٹ کاموں کا، پورے صوبے کا، اور وہی یہ ساری چیزیں بنا کر کہ سی ایم اور وہاں پر جو متعلقہ منسٹر ہے اس کے ساتھ ڈسکس کر کے، جب وہ پرسنل سیکرٹری تھا، اس وقت اس کی عادت یہ تھی کہ وہ بڑی مداخلت کرتا تھا پلاننگ میں اور ہمارے حلقوں میں سکیمیں دے کر ہمارے لوگوں کو بیچتا تھا، ابھی وہ ہے کہ دودھ پر بلی کو چوکیداری دی گئی ہے۔ جو ادھر سے اتنا مداخلت کرتا تھا ابھی جو ادھر بیٹھا ہے، ادھر کس طرح کرے گا۔ جناب سپیکر صاحب، اسی بنیاد پر اگر اس صوبے کی ڈیویلپمنٹ کا حال ہو، میں تو آج چیف منسٹر صاحب کو صرف بتانا چاہتا تھا کہ میں آپ کے ساتھ الگ بیٹھک کرتا ہوں آپ کے چیمبر میں ہو کہ میں آپ کو صحیح بتادوں آپ شریف آدمی ہیں اعتماد کرتے ہیں۔ اگر میں نے آپ کو ثابت کیا کہ آپ کے پرنسپل سیکرٹری نے یہ سکیمیں آپ کی پی ٹی آئی کو نہیں دی ہیں، آپ کے پرسنل سیکرٹری نے یہ کام آپ کے تھرو نہیں کیا ہے، آپ کے علم میں بھی نہ ہو، تو پھر تو میرے خیال میں اس کے خلاف ایک ایکشن لینا چاہیئے اور غلط منصوبہ بندی جو ہوتی ہے۔ پرویز خٹک صاحب نے اتنے منصوبے آخری سال میں ڈالے کہ شاید اس کے ذہن میں نہیں تھا، پہلے بھی میں نے یہ بات کی تھی کہ یہ دوبارہ ہماری حکومت آئے گی، وہ ابھی گلے پڑ گئے، محمود خان صاحب کے گلے میں، اتنا فنڈ صوبے میں ہے نہیں کہ وہ اتنا فنڈ دے دیں جو ریلیز کریں کہ وہاں پر فنانس منسٹر پہ بوجھ ہے، وہ اس کو سنبھال نہیں سکتا کہ میں Ongoing سکیموں کو دے دوں یا میں نئی سکیموں کو دے دوں۔ وہ بھی اس کشمکش میں ہے کہ میں کتنے پیسے Ongoing کو دے دوں۔ ابھی میرے خیال میں نئی بھی، خوشی ہے ہمیں، اگر وسائل میں اتنا زیادہ اضافہ ہوا ہے اور ڈیویلپمنٹ جو ہے اتنی زیادہ ہوئی ہے۔ میں نے تو ثابت کیا ہے اور فنانس منسٹر کے ساتھ الگ بھی بیٹھوں گا کہ ابھی آپ کے بجٹ میں، ابھی بھی 68ارب روپے کا خسارہ ہے۔ اگر وہ، پچھلے بجٹ سے کم ہے، خسارہ تو 152ارب ہے لیکن جو آپ کا ڈیویلپمنٹ کا پہلا بجٹ تھا اس سے ابھی آپ کا اس سال کا جو بجٹ ہے وہ ڈیویلپمنٹ بجٹ 68ارب روپے کم ہے، اگر یہ بجٹ بھی 68ارب روپے کم ہے تو پھر تو نئے جو منصوبے ہیں، جو خوشدل خان صاحب نے کہا کہ ابھی پانچ ہزار ہیں اور پچھلی دفعہ کتنے تھے، اس سے ڈبل کئے ہیں۔ سکول بھی اتنے ڈبل کئے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ ایجوکیشن بہت ضروری ہے لیکن اتنی زیادہ ہے کہ اگر آپ کا پچھلے سال سے بجٹ بھی کم ہو ڈیویلپمنٹل اور اضافہ بھی اتنی بھر مار کر رہے ہیں۔ تو پھر یہ ہوگا کہ صرف ٹینڈر ہوں گے وہاں پر ریلیز نہیں ہوگی، لوگ آئیں گے اور پھر گورنمنٹ کی بدنامی ہوگی۔ لہذا ابھی بھی گورنمنٹ کی جو موجودہ اے ڈی پی ہے، ہم نے تو یہاں پر تجویز دینے کی بھی کوشش کی

لیکن آپ کے ہوتے ہوئے جب ہم تجویز دے رہے تھے تو دوسری طرف سے ہمیں گالیاں مل رہی تھیں، ہم نے تو کوئی ایسی بات نہیں کی تھی کہ ایک تجویز ہم اگر بجٹ کے حوالے سے دے رہے ہیں اور آپ کو وہ بھی اتنا برا لگ رہا ہے کہ ہماری باتوں کو آپ برداشت بھی نہیں کر سکتے۔ اس لئے ڈیویلپمنٹ کے لئے میری تجویز ہو گی ابھی چونکہ سی ایم صاحب نے ہمارے ساتھ وہاں پر آکر، فنانس منسٹر بھی تھے اور اکبر ایوب صاحب بھی تھے، شوکت یوسفزئی صاحب بھی ہے کہ ایک کمیٹی بناتے ہیں اور گورنمنٹ اور اپوزیشن اس کی تقسیم کار کے لئے ایک فارمولا بنائیں، تو میری ابھی دوبارہ یہ تجویز ہو گی گورنمنٹ کو کہ وہ جو چیف منسٹر صاحب نے بات کی کہ ہم آپس میں بیٹھیں اور جو بھی Umbrella ہے، خوشدل خان صاحب کو الگ جواب دیں گے چونکہ اس میں سپریم کورٹ کا بھی فیصلہ ہے ہائی کورٹ کا بھی ہے لیکن میں نے کوشش کی وہاں پر کہ ہم پرانی باتوں کو زیادہ نہ دہرائیں کیونکہ جب صلح کی بات ہوتی ہے تو پھر اس وقت آپ زیادہ وہ باتیں نہ کریں کہ جس سے تھوڑی سی ناراضگی زیادہ ہوتی ہے لیکن ابھی اگر واقعی چاہتے ہیں، ہم کوئی اس طرح بات نہیں ہے کہ ہم کسی چیز کو انا کا مسئلہ بنائیں لیکن اگر ایڈمنسٹریشن اور ڈیویلپمنٹ اس میں وہاں پر آپ نالائق لوگوں کو بٹھادیں اور وہ پھر اپنی مرضی سے ایسی سکیمیں بنادیں، یقین جانیئے سپیکر صاحب، آپ نے اگر اے ڈی پی پر غور کیا ہے تو ایک ایک گورنمنٹ کے حلقوں میں لوکل گورنمنٹ کی طرف سے بیس بیس کروڑ روپے دیئے گئے ہیں مختلف سکیموں کے لئے اور وہاں پر پھر اپوزیشن کے جو حلقے ہیں وہ بالکل Nil ہیں۔ یہ تو کوئی پیمانہ نہیں ہے صحیح صوبے کی ڈیویلپمنٹ کا، اگر لوگوں نے غلطی کی ہے اپوزیشن کو ووٹ دیئے ہیں تو اس کی سزا اگر اپوزیشن ممبر کو دیتے ہیں وہ دوسری طرح سے دے دیں لیکن اس کی عوام کو نہ دیں کہ اس کا حلقہ جو ہے وہاں پر محروم رہے۔ اس کے حلقے کے لوگوں نے اپنی Choice کے مطابق، اور جمہوریت میں تو آزادی ہے کہ وہ آپ کو Like کرتے ہیں یا مجھے Like کرتے ہیں۔ تو اسی بنیاد پر میں ابھی چونکہ ڈیویلپمنٹ پہ اے ڈی پی کے بنانے پہ جس شخص پہ ہمارا اعتراض ہو کہ یہ اس کا اہل نہیں ہے اور اس نے دوسری جگہ پہ اس طرح غلطیاں کی ہیں کہ آج تک اس کو ہم آگے مزید وہ چلنے والے نہیں ہیں۔ تو مزید پورے صوبے کو ان کے حوالے کرنا میرے خیال میں اس عوام کے ساتھ زیادتی ہو گی۔ تو میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور جس طرح آج خوش اسلوبی سے وہاں پر باتیں ہوئیں اسی رویئے کے ساتھ پھر آئندہ 30 جون کے بعد ایک کمیٹی بھی بنادی جائے کہ جو خدشات جو تحفظات، جو زیادتیاں اپوزیشن کے

ممبرز کے ذہنوں میں ہیں، وہ ان کے ساتھ مل بیٹھ کر اس کا کوئی حل نکالے۔ آپ کا بھی اور ان کا بھی شکریہ جی۔

جناب سپیکر: Thank you درانی صاحب۔ محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: Thank you سپیکر صاحب، ایک جو بات میں کہنا چاہوں گی پی اینڈ ڈی کے حوالے سے کہ سر، یہاں پہ ایک پی ڈی ڈبلیو پی، Provincial Development Working Party, I think ایک کمیٹی ہے جس کو اے سی ایس چیئر کرتے ہیں اور سیکرٹری پی اینڈ ڈی اس کے سیکرٹری ہوتے ہیں۔ سر، یہ صوبے کے جتنے بڑے پراجیکٹس ہوتے ہیں، جتنے بڑے منصوبے ہوتے ہیں، وہ یہ جو پی ڈی ڈبلیو پی ہے اس کے ذریعے ہوتے ہیں۔ سر، ایک تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ ان کی جو Approval ہے یہ کس طریقے یہ Approve کرتے ہے اتنے بڑے منصوبے بیوروکریسی بیٹھ کر، میری یہ Suggestion ہے کہ اس کا جو چیئرمین ہے وہ سپیکر صاحب، سپیکر صاحب کو ہونا چاہیئے، کیونکہ سپیکر صاحب جو ہے ان کو پتہ ہے عوامی نمائندوں کے مسئلوں کا، اب اگر آپ کے اے سی ایس اور آپ کے پی اینڈ ڈی کے سیکرٹری بیٹھ کر عوامی نمائندوں کی بجائے وہ خود اتنے بڑے منصوبے اتنے بڑے پراجیکٹس جو ہے وہ Approve کرتے ہیں، تو یہ کیسے کرتے ہیں مجھے اس کی سمجھ نہیں آتی۔ دوسری بات جو کہ پی اینڈ ڈی کا کام Definitely کہ ہم بات کرتے ہیں پلاننگ ہے لیکن بد قسمتی یہ ہے کہ آپ پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ سے پوچھیں ان کے پاس کبھی آفیشل ڈیٹا ہی نہیں ہوتا، اگر آپ ان سے ڈسٹرکٹ وائز پوچھیں کہ اس ڈسٹرکٹ میں آپ کے پاس کتنے ہاسپٹلز ہیں، کتنے بی ایچ یوز ہیں، کتنے آر ایچ سیز ہیں یا کتنے سکولز ہیں تو اس میں سر، ان کے پاس آفیشل ڈیٹا نہیں ہوتا۔ اب آپ یہ دیکھیں کہ اگر یہاں پر بات ہوتی ہے کہ عوامی نمائندوں سے ہم لیتے ہیں، سکیمیں لیتے ہیں یا ان سے ہم Recommendations لیتے ہیں ہمیں تو آج تک کسی نے نہیں کیا پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ نے کہ آپ کے ضلع میں یا آپ لوگوں کے حلقے میں کہاں کہاں پہ، سر میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ہمیں، یہ بات میں اکثر کہتی ہوں کہ جہاں پر ہمیں بی ایچ یو کی ضرورت ہوتی ہے وہاں پہ یہ لوگ سکول دیتے ہیں، جہاں پر سکول کی ضرورت ہوتی ہے وہاں پر بھی، یہ چیز جو ہے جو پلاننگ ہے آپ دیکھیں کہ اس پورے صوبے میں پلاننگ کا کیا حال ہے۔ تو میں سمجھتی ہوں کہ یہ جو پلاننگ ڈیپارٹمنٹ ہے اس کو مزید بہتر، بہتری لانے کے لئے اس میں حکومت کا بڑا Role ہے، وہ اس میں وہ اپنا کردار ادا کریں۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔?Withdrawn۔
محترمہ شگفتہ ملک: آپ کہتے ہیں تو کر لیتے ہیں جی۔

Mr. Speaker: Thank you Mehmood Khan, withdrawn?

جناب محمود احمد خان: Thank you جناب سپیکر، خالی ایک دو باتیں کرتاہوں اس کے بعد Withdraw کرتاہوں۔ جناب سپیکر، منسٹر صاحب کی توجہ چاہتے ہیں یا جو بھی اس کو نوٹ کرتے ہیں، یہ پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کے حوالے سے جناب سپیکر، ایک سکیم ہے ADP No. 1138، سیکرٹری پی اینڈ ڈی صاحب بھی نوٹ کر لیں۔ سر، پی اینڈ رولز پہلے ایک دفعہ ڈیکلیئرڈ ہوئے یہ چھ سات ڈسٹرکٹس کے حوالے سے تھالیز ڈیویلپمنٹ کے حوالے سے، اس میں پہلے پی اینڈ ڈی رولز انہوں نے بنائے، اس میں Elected representatives مشاورت کے لئے ڈال دیئے تھے لیکن بد قسمتی سے جناب سپیکر، جب ہماری باری آئی تو رولز چینج ہو گئے، ریکویسٹ ہے جناب سپیکر صاحب حکومت والوں کو کہ دوبارہ وہی رولز بحال کر دیں یا جو بھی انہوں نے گائیڈ لائن دی ہوئی ہے، دوبارہ جو پہلے گائیڈ لائن تھی اس کے مطابق کر لے تاکہ جناب سپیکر صاحب، میں نے اس دن بھی بات کی تھی، ہماری یہ دو تین Bridges ہیں ہمارے ٹانک میں اور پانی کا جو ایشو ہے، تو یہ مسئلہ اس میں حل ہو جائے گا، یہ ریکویسٹ ہے جناب سپیکر۔ تھینک یو۔

Mr. Speaker: Withdrawn?

جناب محمود احمد خان: جی جی۔
جناب سپیکر: Thank you ۔ بہادر خان صاحب۔

جناب بہادر خان: شکریه سپیکر صاحب۔ د پی اینډ ډی طریقه کار دا دے چې دوئ چې دلته کښېنې ځه هم لیږی نو د ډسټرکټ په سطح باندې لاړ شی ډسټرکټ ته او په ډسټرکټ کښې باقاعده د ډیډک میټنګ رااوغواړی او په هغې ډی ډی سی اوشی او په هغې کښې هر ممبر ته خپل طریقه کار حواله شی۔ که سکول وی تقسیم شی، که مساجد وی تقسیم شی، که ځه خبره وی هغه ټول په ډیډک کښې تقسیم شی او په هغې ډی ډی سی اوشی او هر ممبر ته خپله خپله حصه حواله شی۔ ما سره دې منسټر صاحب ځه د روپو وعده کړې وه او تر ننه پورې، زه ئې ورپسې اوزغلولمه رااوزغلولمه، منډې ترړې مې اووهلې او هیڅ ئې ترې هم جوړ نکړل تر دې وخته پورې (خندا) زما عرض دا دے چې د دې نه مخکښې دوئ مساجدو له ځلور زره مساجد تاسو دلته کښې په پروګرام کښې ایښودې وو او

هغه تاسو تقسیم کړی دی او چې مونږه ورشو وائی هغه ختم شوی دی او دا مساجد دی د دې د پاره چې په کوم ځائې کښې واپډا یا بجلئ نشته دے هغه ځائې کښې کم از کم دا زیات ضروری دی او ورکوئ ئې۔ ما چې هغه بله ورځ کتل زما په کلی کښې تاسو په مساجدو کښې په مسجد کښې دغه لګیدلې وو، دا سولر سسټم لګیدلې وو، یوه شیشه ئې لګولې وه او د بشیر ایم این اے صاحب بورډ ورته لګیدلې وو، زما کلے وو، دا خو د صوبې فنډ دے او پکار ده چې په دیکښې تاسو ایم پی اے له دا حق ورکړئ۔ دا درخواست کوم چې اوس تاسو پینځه زره نور ایښودې دی۔ زه نه پوهیږم چې هغه زاړه مو څه کړل او دا نوی به تاسو څه طریقه کار کوئ په دې مو پوهه کړئ چې یره دا د ډیویلپمنټ تقسیم چې تاسو کوئ، پالیسی چې کومه ده، هغه مو پریښوده او دا خپله پالیسی کوئ چې چا له به ورکوئ چا له به نه ورکوئ۔ که نه دا خو یواځې د دې نه ده چې مساجد دی دا د ډیویلپمنټ نور کارونه چې کیږی هغه په فنډ کیږی۔د دې فنډ مونږ ته طریقه کار اوښایئی او د مساجدو، بس جی چې دوئ ئې جواب راکړی۔

Mr. Speaker: Withdrawn?

جناب بہادر خان: آؤ جی ٹھیک ده۔

جناب سپیکر: نثار مہمند صاحب۔

جناب نثار احمد: شکریه سپیکر صاحب۔ زه د پلاننګ د محکمې په حواله باندې چې زمونږه د دې کارکردګئ، د دې صوبې ډیره نااهله ځکه ورته وایم چې زه نن د خپل هیډکوارټر نه راغلم او په هغه هیډکوارټر کښې د فیمیل په ټوله ضلع کښې د فیمیل د پاره یو هاسټل دے او هلته چې استاذانې، ایجوکیشن نشته، استاذانې د بهر نه راځی، سکولونو ته چې کومې ځی نو هغه په هغې کښې پاتې کیږی۔ په هغې کښې د هغوی د پاره Cook نشته، د هغوی د پاره چې دے خاله نشته، د هغوی د پاره د سودا راؤړو څوک نشته۔ هغوی ته Even د ښکلو اوبه نشته، زه نه پوهیږم هغه هاسټل هم روان دے ، Run دے چې ما تپوس اوکړو چې کلاس فور ولې نشته، وائی چې دا په ایس این ایز کښې نه دی راغلی، Hostel run دے۔ اصل خبره دا ده چې پلاننګ نشته نو دا دومره Poor planning چې دے چې د دې سره مونږه دا وایو چې ایجوکیشن به ښه کیږی نو څنګه به ښه کیږی

تاسو کوم پلاننگ لرئ چې دا صوبه، ځکه دا وایم چې په دې باندې دا څومره کټ موشنز چې مونږ راوړی دی باید چې دا پرې اولګی، دوئ ته اضافی پیسې نه دی ورکول پکار ځکه چې دوئ د خپلو پیسو استعمال غلط کوی. د کوم ځیز چې په کوم ځائې کښې نه وی د جوړولو ضرورت په هغه ځائې کښې جوړوی. سکول په یو ځائې کښې جوړ کړی هلته د هسپتال ضرورت وی. ډنګرو هسپتال په بل ځائې کښې جوړ کړی د ځناورو هلته د ځناورو د هسپتال ضرورت نه وی. پلاننګ بالکل نشته زیرو پرسنټ دے. په دې وجه باندې زمونږه د انډسټریل په حواله باندې په مهمندو کښې بې تحاشه ماربل دی، انډسټریل زون زمونږه مهمند ماربل سټی چې ده هغه تلی ده او هغه د CPEC حصه هم ګرځیدلې ده، د هغې د پاره اوسه پورې روډ جوړ نشو او کوم روډ چې هغوی جوړ کړے دے زه تاسو بوتلې شم څوک کمیټی جوړه کړئ، زه د هغې روډ نه دومره دومره کانړی راویستې شم دا زمونږه پلاننګ وو، دا زمونږه د هغه محکمو بیا وروستو د هغې تپوس نه کول وو په غلطه طریقه او سړک ئې چې په کوم ځائې تیر کړو هغه ئې په ایری ګیشن په نهر باندې تیر کړے دے، دا پلاننګ دے. دا انډسټریل سړک ته د زراعتو، زراعت ترې متاثر کړی دی هغه چې کله بیا لختې ناکه ماتوی هغه به څه کوی او په هغې به Loaded ګاډے راځی دا زما د پلاننګ حال دے نو زه خو وایمه چې خامخا په دې باندې باید بحث اوکړئ او د دې دغه ورکړئ، د دوئ قبله سیدها کړئ ځکه چې که دا ځیزونه مونږه اونکړو او دې وخت کښې دا حکومت اونکړی، دا تاسو چې وایئ چې زمونږه حکومت انصاف ورکوی نو بیا به دا کوم وخت کښې تاسو کوئ. پکار دا ده چې ټولې مسئلې دلته چې څومره دی څنګه چې د شیشو خبره اوشوه، د سولرائزیشن مونږ چې راغلو نو مونږ ته اووئیلې شو چې تاسو مونږ لا د جماتونو نومونه راکړئ، مونږ د هغه جماتونو نومونه ورکړل کوم چې جامعه مسجد وو. زه نن تاسو بوځم په هغه جماتونو کښې سولرائزیشن اولګیدل چې نن هم پکښې مونځ نه کیږی، نن هم پکښې مونځ نه کیږی دغه زمونږ پلاننګ دے نو مونږ به څنګه ډیویلپمنټ طرف ته لاړ شو، مونږ به څنګه ترقی اوکړو او دغسې څنګه چې هغه په دیکښې زوړ شیئر وو هغه هم پته اونه لګیده اوس پکښې څومره دے د هغې څه وضاحت نشته. زما امید دے چې

څنګه زمونږه په خاموشئی سره په دې اسمبلئ کښې دا بجټ بحث روان دے او څومره د غټ زړه مظاهره اپوزیشن کوی نو دا مې توقع ده او دا امید لرم چې تاسو دې پانړئ د اپوزیشن د ممبرانو سره پوره پوره په هغې باندې به خپل نظر اوساتئی او داسې بې روایته کار به د پښتو نه کوئ او سره دا دے-----

جناب سپیکر: Thank you کافی ہو گیا نا، اچھا۔

جناب نثار احمد: بس ټهیک ده بیا به نه کوؤ زما ټول کټ موشنز واخلئی بس خبره خلاصه شوه، نه به کوؤ بحث۔ خبره دا ده جی چې تاسو د دې دا پابند کړئ پلاننګ ډیپارټمنټ چې Elected Members کم از کم چې دوئ راتلونکی سالانه بجټ جوړوی چې د هغې نه کم از کم که هغه د اپوزیشن وی که نه وی ځکه چې هغه به د هغه وطن د ښیګړې د پاره کار کوی، هغه به د خپل ځان د پاره څوک کار نه کوی۔ نو لهذا د هغوی سره مشاورت د پاره پابند کول پکار دی۔ زما جی اودریږه زمونږ دوه کاله اوشو زه نه یم خبر چې کله روان دے او کله کیږی، میټنګ کیږی او که نه کیږی۔ اخبار کښې راشی وائی د ممبر سره مشاورت اوشو نو دغه ممبر خو ستاسو مخکښې ولاړ دے که مشاورت شوے وی نو مونږ ته اووایه۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب جواب دے دیں، اوکے۔ ٹائم نہیں ہے نماز کا ٹائم ہے۔ تھینک یو ویری مچ۔ کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: شکریہ میں Withdraw بھی کرتا ہوں صرف دو چیزیں ہیں اکبر ایوب اگر بتا دیں اور فنانس منسٹر صاحب بھی۔ اکبر ایوب صاحب سے یہ پوچھنا ہے Bureau of Statistics ہمیشہ ہمیں ڈیٹا دیتا ہے، بکس دیتا ہے پچھلے سال بھی دیئے ہیں، اس سے پچھلے بھی، وہ کب تک ہمیں مل جائیں گی تاکہ ہم تو ایسے بھی اپوزیشن والوں کو ویسے بھی دفتروں والے جو ہے نا زیادہ ڈیٹا نہیں دیتے تو انہی کتابوں سے ہم دیکھتے ہیں اور دوسرا فنانس منسٹر صاحب اگر مناسب سمجھیں صلاح الدین صاحب نے بھی اس دن بات کی۔ این ایف سی کی Biannual report ہوتی ہے جو کہ Constitutional obligation بھی ہے وہ اس سال جو ہے اس کی دو رپورٹیں رہتی ہیں، Kindly وہ اگر ہمیں بتا سکیں اگر مناسب سمجھتے ہیں کب تک آئیں گی، شکریہ۔

Mr. Speaker: Thank you, withdrawn?

Mr. Ahmad Kundi: Withdrawn.

جناب سپیکر: Thank you ثوبیہ شاہد صاحبہ۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، زه د پلاننګ ډیویلپمنټ پروګرام، د پلاننګ افسوس خبره ده چې زمونږه بجټ سپیچ کښې یو ورکړے وو چې د رنګ روډ پجګی نه واخله ورسک روډ پورې چې کوم رنګ روډ دے دا نامکمله حصه به پکښې مونږه په دې راروان کال کښې مکملوؤ۔ جناب سپیکر صاحب، د هغې افتتاح چې کومه وه په لاسټ ګورنمنټ کښې پرویز خټک او محمود، هغوی کړې وه Already صرف یو دس میټر ټائې پکښې Incomplete دے خو هغه هم د دې د پاره دے چې د هغې د پاسه به مخکښې فلائی اوور جوړیږی نو دا ئې هم په بجټ سپیچ کښې ورکړے وو چې د د دوئ د پلاننګ دا کارکردګی ده۔ دویم دا Three thousand، جناب سپیکر صاحب! دوئ وئیل چې Three thousand kilometer road به مونږ په راروان بجټ کښې جوړوؤ، د M1 نه واخله تر د ایبټ آباد موټروے ورسره چې کوم دے د کراچئی پورې چې کوم دے جناب سپیکر صاحب، دا Twenty three hundred kilometer ده او دوئ چې دا Three thousand kilometer ته 48 ارب روپئی ایښودلې دی چې په دې راروان کال کښې به دا کوؤ نو دا څنګه پلاننګ دے چې په 27 کلومیټر بی آر ټی باندې خو یو کهرب روپئی دوئ اولګولې او دلته وائی چې په Three thousand kilometer باندې به مونږه 48 ارب لګوؤ، هغه به هم موټروے وی۔ په هغې کښې هم دوئ یاد کړے دے پشاور ناردرن بائی پاس چې هغه د این ایچ اے سره دے او ورسره چې کوم دے دا دیر چکدره موټروے، د هغې پلاننګ څه دے؟ پی سی ون جوړ دے نه دے جوړ خو دا خو نه ده چې عوامو ته به په سترګو کښې رانجه لګوؤ او خبره به کوؤ او دا خو دا دوئ چې کوم زمونږ سره کوی نو دا ډیره زیاته ناجائزه خبره ده۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you. Sobia Bibi! Withdrawn?

محترمہ ثوبیہ شاہد: نه جناب سپیکر صاحب، نه Withdraw کوم دا پلاننګ باندې زمونږه نور هم داسې خبرې شته دے دغه کښې چې مونږ له کم ازکم منسټر صاحب د دې باره کښې جواب هم راکړی۔

جناب سپیکر: حافظ عصام الدین صاحب۔

حافظ عصام الدین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، یقیناً پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ تمام محکموں میں سے ایک انتہائی اہمیت والا محکمہ ہے۔ جہاں تک میرے اپنے حلقے میں اس محکمے کی جو کارکردگی ہے تو اس کے حوالے سے تو یہ کہوں گا کہ ابھی تک، اس دن بھی میں نے بات کی تھی کہ تین سال انضمام کے بعد سے جناب سپیکر صاحب، یہ باتیں ہماری مجبوری ہے یہ ہم کریں گے یہ نہیں کہ ہم اپوزیشن میں ہیں، اگر ہم گورنمنٹ میں ہوتے اس وقت بھی ان شاء اللہ یہ باتیں ہم کہتے، تین سالوں میں ایک پرائمری سکول نہیں بنا ہے، ایک بی ایچ یو نہیں بنا ہے اور کالج یونیورسٹیاں یہ تو دور کی بات ہے بلکہ الٹا ہمارے چونتیس صحت کے مراکز ختم ہو گئے ختم، یہ ریکارڈ پر ہیں، ڈیپارٹمنٹ بھی تسلیم کرتا ہے کہ ہم نے ختم کئے ہیں کیوں ختم کئے کہ وہ غیر فعال ہیں، کیا پورے کے پی میں باقی پاکستان میں غیر فعال ہاسپیٹلز نہیں ہیں، غیر فعال صحت کے مراکز نہیں ہیں، غیر فعال سکولز، کالج، یونیورسٹیاں نہیں ہیں؟ تو اگر غیر فعال صحت کے مراکز بی ایچ یو، CHU، سکول، ہاسپیٹل کا یہ Logic ہے کہ اسے ختم کیا جائے تو بسم اللہ کریں صرف فاٹا سے نہیں پورے صوبے سے، ان شاء اللہ صوبے پر پورے ملک پر لوڈ کافی کم ہو جائے گا اور ایک تجویز میں جناب سپیکر صاحب، یہ دوں گا کہ ایک تو سی ایم صاحب ایک فیصلہ کرتا ہے اللہ کرے باقی دو سالوں میں نہ ہو ابھی ہمارے سی ایم صاحب نے تو ابھی یہی فرمایا کہ ان شاء اللہ باقی دو سالوں میں ہم اپوزیشن والوں کا آپ کا خیال رکھیں گے لیکن سی ایم صاحب ایک Written فیصلہ صادر فرماتے ہیں کہ ہر ایم پی اے کی Proposal پہ میں اتنا روڈ کروں گا، اتنے سکول لوں گا مثلاً ابھی کچھ عرصہ پچھلے سال دس کلومیٹر روڈ سی ایم صاحب کا یہ فیصلہ تھا Written، میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا، ان کے سیکرٹری صاحب نے دکھایا کہ آپ کا دس کلومیٹر روڈ ہے، چیف سیکرٹری، سی اینڈ ڈبلیو چیف نے بتایا سی اینڈ ڈبلیو اور سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو نے کہ کچھ بھی ہو یہ دس کلومیٹر آپ ہی کے Proposal پر ہو گا، پھر کیا ہوا جب ہم نے پی سی ون یہ ساری چیزیں سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے پراسیس کر دیں اور پی اینڈ ڈیپارٹمنٹ پہنچی پھر باقی جو ایک عام بندے کے Proposal پر Feasibility اس کا کوئی معیار نہیں رکھا گیا تو ہمارے والے کو پیچھے رکھا گیا تو وہ نہیں ہو سکا اور باقی ہو گئے۔ لہذا میری تجویز ہو گی اگر ایسے کوئی سی ایم صاحب کی طرف سے فیصلہ ہوتا ہے تو پی اینڈ ڈی میں جس ڈسٹرکٹ کے ترقیاتی منصوبوں کی کوئی بریفنگ ہوتی ہیں تو وہاں پر متعلقہ ایم پی ایز کو بھی بلانا چاہیئے تاکہ اس کے سامنے وہ بریفنگ ہو کہ ہمارے سکیمیں کونسی ہیں، ہماری

Proposal پر کونسی ہو گی کہ باقی عام بندے کے Proposal پر کونسی ہو گی، کونسی Feasible ہے، بالکل میں کہتا ہوں چیک اینڈ بیلنس کا اعلیٰ معیار ہونا چاہیئے کسی کا بھی کوئی Unfeasible ہو، ایم پی اے کا ہو خواہ کسی کا بھی ہو، منسٹر صاحب کا ہو وہ بھی نہیں لینی چاہیئے۔ شکریہ اور میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھینک یو حافظ صاحب، تھینک یو صاحب۔ صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب۔ Withdraw کر لیا حافظ صاحب نے، Thank you حافظ صاحب، Withdraw۔

صاحبزادہ ثناء اللہ: شکریہ جناب۔ جناب سپیکر صاحب، د پی اینډ ډی مثال خو د ملا د هډوکی دے، دا تیر دے که چرې زمونږ د ملا هډوکې کوږ وی نو زمونږ ټول وجود به کوږ وی او مونږ به خپل ژوند نه شو تیرولې پھر ہم زندگی نہیں گزار سکتے اگر یہ ریڑھ کی ہڈی ہماری ٹیڑھی ہو تو ہم پھر زندگی بھی گزار نہیں سکتے۔ جناب سپیکر صاحب، میرا صرف ایک ہی سوال ہے اور وہ یہ کہ جو Allocation ہوتی ہے اس کا طریقہ کار بتایا جائے، اگر ٹوٹل کاسٹ پہ ہوتی ہے وہ بھی بتا دیں۔ میری ایک سکیم ہے جناب سپیکر، سر! Last tenure میں 2015 کی ایک سکیم ہے سلطان خیل درہ، نیاگ درہ، کارو درہ اور جیلار درہ سر، 2015 میں سکیم شروع ہے ابھی تک اس میں دس فیصد ریلیز نہیں ہوا ہے اور سکیم 36 کروڑ کی ہے 36 کروڑ کی۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارے دیر اور پشاور کی منصوبہ بندی میں یہ فرق نہیں کرتے، ہمارے پی اینڈ ڈی والے موسم کے اعتبار سے ہزارہ ڈویژن بھی ایسا ہے، ملاکنڈ ڈویژن سردیوں میں وہاں پہ تقریباً چار پانچ مہینے کام نہیں ہوتے، ڈیویلپمنٹل جتنے بھی کام ہوتے ہیں وہاں سردیوں میں نہیں ہو سکتے۔ جب ہمارا موسم آتا ہے تو پھر پیسوں کا وہ چکر چل جاتا ہے، ختم ہو جاتا ہے۔ اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ ہمارے گرمیوں کی سیزن میں کام ہوتے ہیں، تار کول ہوتے ہیں یا روڈز یا بلڈنگ کی۔ لہٰذا ہمارے لئے وہ پیسے گرمیوں کے موسم میں ریلیز کئے جائیں یہ تو فنانس کا کام ہے لیکن پی اینڈ ڈی والے وہ بناتے ہیں، یہ پی اینڈ ڈی اور فنانس، جناب سپیکر صاحب! میں تو لیٹ پہنچا میری وہ Lapse ہو گئی، یہ بندوق اور کارتوس کی مثال ہے، یہ بندوق ہے فنانس کارتوس ہے اسی لئے میں یہ ریکویسٹ کروں گا چونکہ اکبر ایوب صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ان کی توجہ چاہیئے۔ میں یہ ریکویسٹ کروں گا میری ایک دو سکیمز ہیں خدارا رحم کریں پی اینڈ ڈی والوں کو کہہ دیں کہ جو ہماری Allocation ہو گئی ہے جناب سپیکر صاحب، میں کل سیکرٹری صاحب کے پاس گیا تھا، ہر دفتر کا میں نے چکر لگایا لیکن وہاں پر کوئی مجھے وہ شنوائی نہیں ملی۔ جناب سپیکر صاحب، میں درخواست کرتا ہوں کہ میری وہ سکیمز جس

پہ Allocation انتہائی جناب سپیکر صاحب، اگر میں کہہ دوں تو مجھے شرم آتی ہے کہ میں وہ بیان کروں 80 لاکھ کی Allocation ہے، یہ اعظم خان میرے یہ ٹریژری بنچز کا ہے، ان سے پوچھیں ایک وہ پہلے والا میرا حلقہ تھا، وہ روڈ 2015 میں 16 میں شروع ہوئی ہے، یہ تو ٹریژری بنچز سے تعلق رکھتے ہیں، 80 لاکھ کی Allocation ہو گئی سر، اور ہمارے بقایاجات تقریباً 22/23 کروڑ ہے۔ میں Withdraw کرتا ہوں سر، میں Withdraw کرتا ہوں لیکن یہ جو تجویز میں نے دی ہے وہ منسٹر صاحب ہمیں مطمئن بھی کریں، مہربانی ہو گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> Thank you جی منسٹر صاحب۔

<u>جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق):</u> شکریہ جناب سپیکر۔ بڑا Heavy محکمہ ہے پی اینڈ ڈی کا۔ سب سے پہلے ثناء اللہ خان صاحب کو میں بتانا چاہتا ہوں، یہ کل گئے تھے پی اینڈ ڈی میں، میں بھی گیا تھا پی اینڈ ڈی میں اپنا Allocation بڑھوانے۔ یہ جو انہوں نے کہا ہے Allocation fix ہو گئی ہیں ابھی اور نہیں بڑھ سکتیں۔ جناب سپیکر، یہ پلاننگ کا حصہ ہے کہ شروع میں جب سکیم سٹارٹ ہوتی ہیں تو کم اور پھر آہستہ آہستہ اور اس دفعہ خصوصی طور پہ پرانی سکیموں کو توجہ دی گئی ہے کہ ان کے اندر زیادہ Allocation کی جائے۔ جناب سپیکر، ہمارے سینیئر پارلیمنٹیرین ہیں خوشدل خان، انہوں نے Umbrellas and bulk allocation کی بات کی۔ جناب سپیکر، بے شک Umbrellas اور Bulk allocation رکھی گئی ہیں لیکن کورٹ کی طرف سے ہمارے اوپر پابندی ہے، یہ ابھی وہ بندر بانٹ والا سلسلہ نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ابھی پی سی ون کمپلیٹ تیار ہو کے فورم میں جائے گا چاہے 3 ارب کی سکیم ہے چاہے 10 ارب کی سکیم ہے۔ اس کی ایک ایک یونٹ کا پی سی ون کمپلیٹ تیار ہو کے جائے گا تو تب فورم اس کو Approve کرے گا Otherwise اس کو فورم Approve نہیں کر سکتا جناب سپیکر۔ اور جناب سپیکر، ان مسجدوں کی بڑی ادھر بات ہوئی ماشاء اللہ۔ میں مبارکباد پیش کرتا ہوں ہمارے پچھلی گورنمنٹ کو بھی اور اس گورنمنٹ کو بھی کہ یہ بڑی Hit ہوئی ہماری سکیم، بہت مقبول ہوئی ہے لوگوں کو بڑا فائدہ ہوا ہے۔ جناب سپیکر، یہ مسجد میں سولر دینے کا مطلب یہ ہے کہ جو گاؤں کے لوگ پورے گاؤں سے چندہ جمع کر کے اس کے بجلی اور اخراجات دیتے تھے، اس سے ہم نے ان گاؤں کے لوگوں کی جان چھڑا دی ہے۔ جناب سپیکر، اس میں پالیسی جب بنی تھی تو یہ تھا جی کہ جامع مسجدیں ہوں گی پانچ ارب کی مزید رکھی تب گئی ہے کہ یہ صوبے کے ہر حلقے میں سکیم دی جائے۔ اس میں جناب سپیکر،

انرجی ڈیپارٹمنٹ نے تمام لوگوں سے، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سے رپورٹ لی ہے، اس میں جناب سپیکر، اینٹلی جنس ایجنسیز سے بھی رپورٹ لی ہیں کہ کسی ایسی مسجد میں نہیں دینا جہاں پہ کوئی غلط قسم کے کام ہو رہے ہیں۔ اس میں علماء سے مشاورت کی گئی ہے، اس میں Local representatives سے مشاورت کی گئی ہے۔ میں خوشدل خان کو ان شاء اللہ یقین دلاتا ہوں کہ یہ جو ابھی مسجدیں مزید بھی آئی ہیں اس میں کوئی بھی نہیں رہے گا، یہ سلسلہ چلتا رہے گا جب تک ہم ان شاء اللہ تمام پورے صوبے کی جامع مساجد کو سولرائز نہیں کر دیتے خوشدل خان۔ جناب سپیکر! اختیار ولی صاحب میرا خیال ہے اٹھ گئے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، انہوں نے بڑی تنقید کی ہماری پلاننگ کے اوپر کہ پلاننگ بالکل اچھی نہیں ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں ادھر ایک فگر آج Quote کرنا چاہتا ہوں، ہمارے پریس والے بھائی بیٹھے ہیں Exact figure میرے پاس نہیں ہے لیکن اندازاً فگر میں آپ کو Quote کرتا ہوں کہ 2013 میں جب پاکستان تحریک انصاف کی گورنمنٹ آئی تو میرے اندازے کے مطابق اس صوبے کا جی ڈی پی تھا Around twenty billion dollars جو پورے پاکستان کے جی ڈی پی کے دس فیصد کے برابر ہوتا تھا۔ آج ماشاء اللہ اس صوبے کا GDP is forty billion dollars جو پورے پاکستان کے جی ڈی پی کا Fifteen percent count ہوتا ہے۔ جناب سپیکر، یہ ہماری پلاننگ کی کامیابی ہے اور یہ فگرز جناب سپیکر، Show کرتے ہیں۔ باقی اختیار ولی صاحب نے سوالات کئے ہیں جناب سپیکر، وہ Directly P&D سے Related نہیں ہیں Different ہے۔ ابھی جناب سپیکر! بار بار بیچ میں چند، عصام الدین بھائی نے بھی کہا کہ ہم سے پی اینڈ ڈی نہیں پوچھتا، ہم سے پلاننگ والا نہیں پوچھتا۔ اختیار ولی صاحب! یہ تو پھر ایم پی اے کی کمزوری ہے۔ جناب سپیکر، پی اینڈ ڈی کا ایجوکیشن والا 145 ایم پی ایز کے پیچھے نہیں پھرے گا یہ ایم پی اے کا کام ہے اپنا جو جہاں کی ضرورت ہے وہ پی اینڈ ڈی میں جائے، وہ ایجوکیشن کے پلاننگ ونگ میں جائے، وہ ایری گیشن کے پلاننگ ونگ میں بھی جائے، سی اینڈ ڈبلیو میں جائے، جاکر وہاں اپنی نوٹ کرائے، اپنی شکایت کرائے، اپنا ڈیمانڈ نوٹ کرائے، اس کے پیچھے بھاگنا پڑتا ہے جناب سپیکر، محنت کرنی پڑتی ہے۔ جناب سپیکر! ورکس ڈیپارٹمنٹ میرے پاس رہا ہے آپ یقین کریں میں آپ کو اپنے حلقے کی مثال دیتا ہوں میں جب صبح اٹھتا ہوں جناب سپیکر، تو صبح ایک گھنٹہ میں اپنے حلقے کو دیتا ہوں اور اپنی ایک ایک سکیم کا انجینئر کو اور ان کو میں خود کال کرتا ہوں کہ بھئی ریت پہنچی ہے، بجری پہنچی ہے، ٹینڈر ہو گئے، ورک آرڈر ایشو ہو گئے؟ یہ اپنی محنت کرنی پڑتی ہے جناب سپیکر۔ یہ آپ کو خود اپنا پی آر بنانا پڑتا ہے یہی آفیسرز

ہوں گے اسی طرح گورنمنٹ چلے گی آفیسرز کے بغیر گورنمنٹ نہیں چلے گی۔ باقی درانی صاحب نے کچھ آفیسرز کی بات کی جناب سپیکر، اس کا میں جواب نہیں دینا چاہتا Because that is hitting below the belt تو میں درانی صاحب سے بھی کہوں گا درانی صاحب گزارہ کریں، تھوڑا مہربانی کریں آپ بزرگ آدمی ہیں تھوڑا گزارہ کریں۔ باقی درانی صاحب بھی ہمارے بزرگ ہیں، ہمارے سینیئر ہیں، انہوں نے جو باتیں کی ہیں وزیر اعلیٰ صاحب آج ماشاء اللہ خود اٹھ کے ان کے پاس چیمبر میں گئے ہیں انہوں نے جو Commitment کی ہیں، انہوں نے یہی کہا ہے کہ جو ہماری پہلی Commitment میں ہیں ہم اس پہ پورا اتریں گے، اگر کوئی چیز جناب سپیکر کسی کی رہ گئی ہے، یہ Bulk allocation اور یہ رکھنے کا مقصد یہ ہے، اس کو رکھنے کا مقصد یہی ہوتا ہے کہ اگر کوئی چیز Missout ہو گئی ہے تو ان کو ہم پورا کریں گے جس طرح ہم ممبر ہیں جناب سپیکر، اسی طرح یہ ممبر ہیں جس طرح کے پریشر ہمارے اوپر ہیں اسی طرح کے پریشر ان کے اوپر ہیں اور ہماری تو جناب سپیکر، اللہ کے فضل سے بہت چھوٹی اپوزیشن ہے، تیس پینتیس لوگوں کی اپوزیشن ہے تو ان شاء اللہ، اگر ہم ان کو بھی نہیں خوش رکھ سکتے تو پھر ہم کسی کام کے نہیں ہیں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، سردار یوسف صاحب ہمارے، میرے گرائیں بھی ہیں اور آپ کو پتہ ہے بڑے بھی ہیں ہمارے، ہمارے صوبے کی گجر برادری کے ماشاء اللہ وہ نام میں نہیں لینا چاہتا جو کراچی والا ایک نام ہوتا تھا وہ ہیں یہ جناب سپیکر اور میں ان کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں ماشاء اللہ اپنی برادری کا جہاں بھی کوئی دکھ درد ہوتا ہے یہ پہنچتے ہیں جناب سپیکر، سوات اور کہاں کہاں تک یہ پہنچتے ہیں میں نے خود دیکھا ہے جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! سردار صاحب نے کہا یار میرے علاقے میں نہیں کرتے ہو تو پشاور میں ہی کر دو۔ جناب سپیکر! ابھی پشاور کی میں تھوڑی سی آپ کو یہ ڈیٹیل دینا چاہوں گا کیونکہ پشاور کا جو Being a Local Government Minister جو میں نے پلاننگ کی ہے وہ اور میرے ڈیپارٹمنٹ نے پلاننگ کی ہے کہ میں کم سے کم بوجھ Provincial exchequer پر ڈالنا چاہتا ہوں، میں زیادہ سے زیادہ کام Because ہم نے ایک پلاننگ کی ہوئی ہے We are going for auction of plots جو میرا ارادہ ہے ہم ان شاء اللہ Hundered billion rupees اگلے دو سال میں پشاور میں لگائیں گے۔ Missing link کی یہاں کسی نے بات کی، میرا خیال ہے ثوبیہ بی بی نے بات کی کہ وہ فلائی اوور نہیں بنا۔ جناب سپیکر، وہ ان شاء اللہ اس جمعہ کو اس کی پی ڈی ڈبلیو پی ہے، وہ بھی ہو جائے گی، ان کے Estimates بہت زیادہ تھے میں ان کو Push کر کے نیچے لا رہا ہوں۔ جناب سپیکر! تقریباً اس

کے اوپر Sixteen, twenty billion rupees لگیں گے Zakori Bridge پہ، Globally flyover بنا رہے ہیں پانچ بلین روپے اس کے اوپر لگیں گے۔ تقریباً 25/26 بلین کا KP City Improvement Project ہے ہمارا پشاور کے لئے۔ جناب سپیکر، اس میں صاف پانی کی فراہمی Dumping sites, recycling تقریباً پانچ ارب روپے کا پشاور بس ٹرمینل جہاں پرانا بس ٹرمینل ہے، وہاں جناب سپیکر! پشاور سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ بنے گا جس میں Highrise buildings ہوں گی اور ان شاء اللہ وہ ایک دیکھنے والی چیز جناب سپیکر، ہو گی۔ پوری ہماری Concentration پشاور کے اوپر ہے جناب سپیکر، اور تمام جو پشاور کی ضروریات ہیں وہ پوری کی جائیں گی ان شاء اللہ۔ جناب سپیکر! میں ادھر ایک بات بتانا چاہتا ہوں۔ بفہ کا نام لیا ہے سردار صاحب نے، 1860 میں ہزارہ کے Gazetteer میں ہے کہ ہزارے کا سب سے بڑا شہر یا سب سے بڑا گاؤں یا آبادی وہ بفہ کی ہے 1860 میں، یہ ایبٹ آباد یہ ہری پور یہ سب بعد میں بنے ہیں۔ تو بفہ کی ایک حیثیت ہے، اس کی ایک تاریخی حیثیت ہے، ان کی تمام ان شاء اللہ تعالیٰ سردار صاحب آپ کی جتنی بھی ان شاء اللہ وہ ڈیمانڈز ہوں گے ہم ان شاء اللہ تعالیٰ ان کو توجہ دیں گے اور ان کو پورا کریں گے جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جو سردار صاحب نے ایک بات کی ہے سوات میں گجر کمیونٹی کی جو بلڈنگ۔۔۔۔۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: وہ جناب،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس پر بھی ذرا انویسٹی گیشن کر لیں، وہ Encroachment میں تھی کیا تھا؟

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: جناب سپیکر، وہ میں ہائی کورٹ کے خلاف انویسٹی گیشن نہیں کر سکتا ہائی کورٹ کے آرڈرز تھے۔

جناب سپیکر: ہائی کورٹ کے آرڈر پر یہ ہوا ہے۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: جی ہائی کورٹ کے آرڈرز پر یہ تمام Encroachment ہٹائی گئی ہیں۔ میں سردار صاحب کو کہوں گا سپریم کورٹ جائیں اس کے خلاف اور اس کو چیلنج کریں جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! ابھی بار بار یہاں بات کی گئی ہے کہ جی اتنی زیادہ سکیمیں ڈال دی ہیں، اتنی زیادہ سکیمیں ڈال دی ہیں، پرویز خان پتہ نہیں کتنی سکیمیں اور اس کو پتہ نہیں تھا، پرویز خان کو بالکل پتہ تھا، اس کو یہ بھی پتہ تھا کہ پی ٹی آئی کی حکومت دو تہائی کی اکثریت لے کر آئے گی۔ میری اپنی ویڈیو کلپ ہے جناب سپیکر، الیکشن کے دوران کہ میں نے کہا تھا میں مونچھیں کٹوادوں گا اگر ہم دو تہائی اکثریت نہ لے

کرآئے میں آپ کو بھیج دوں گا جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، Settled areas کا Throw forward is 4.3 years which is under control, which is normal, which can be done، تھوڑا سا Merged districts کا زیادہ ہے اور اس کی وجہ میرا خیال Six years تک ہے وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا جناب سپیکر، چونکہ AIP ایک بڑا پروگرام ہے تھوڑی سی فنڈنگ کی Delay ہے فیڈرل گورنمنٹ سے جیسے ہی فنڈنگ آئے گی پیسہ لگنا شروع ہو جائے گا، وہ بھی Within three and half two four years میں ان شاء اللہ تعالیٰ آجائے گا ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: Withdrawal کی درخواست کریں جی ممبرز سے، نماز کا ٹائم ہو رہا ہے۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: بس ابھی اتنی زیادہ رہ گئی ہیں۔

جناب سپیکر: ہو گیا ہے نا۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: میں سب سے ریکویسٹ کروں گا کہ مہربانی کریں ان شاء اللہ اس میں مزید بہتری لائیں گے، آپ سب کی تجاویز لکھ لی ہیں۔ بہادر خان کی سکیم ہو گی جی ان شاء اللہ میری ذمہ داری ہے، ان سے وزیر اعلیٰ صاحب نے وعدہ کیا ہوا ہے اور میں نے بھی وعدہ بھی کیا ہے جناب سپیکر، وہ سکیم، بہادر خان! آپ کی سمری موو ہوئی ہے ہو گی۔ ہو گی میرا وعدہ ہے آپ سے ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: مبارک ہو بہادر خان صاحب۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: تو میں سب سے ریکویسٹ کروں گا کہ مہربانی کر کے ابھی لیٹ ہی ہو رہے ہیں سب نے گھروں کو جانا ہے تو اپنے اگر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بیٹنی صاحب کہتے ہیں میری بات کا جواب بھی دے دیں اکبر ایوب صاحب۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: بیٹنی صاحب! جب آپ نے بات کی تھی تو میں درانی صاحب سے بات کر رہا تھا میں نے سنی نہیں آپ کی بات، (قہقہہ) میں اس وقت درانی کے ساتھ لگا ہوا تھا۔ جناب سپیکر! میں احمد کنڈی صاحب کا شکریہ ادا کروں گا، Kundi Sahib! Bureau of Statistics book will be published by 31st July and will be provided to you Inshallah، ٹھیک ہے جی۔ Missing link، اچھا یہ سکول، بی ایچ یوز، ہاسپٹلز۔ بہت بہت مہربانی جی آپ سب کی۔ پی ڈی ڈبلیو پی کا ذکر کیا ہے مجھے تو سب سے زیادہ خوشی ہو گی سپیکر صاحب، اگر آپ پی ڈی ڈبلیو پی کو ہیڈ کریں میں اپنی ساری سکیمیں آپ سے Approve کرا دوں گا لیکن شگفتہ بی بی! یہ پی

ڈی ڈبلیو پی کی جو میٹنگ ہے یہ اے سی ایس ہیڈ کرے گا یا منسٹر پی اینڈ ڈی کرے گا جو چیف منسٹر ہے، اس کے علاوہ کوئی اور آدمی ہیڈ نہیں کر سکتا۔ شکریہ جی، تھینک یو۔

جناب سپیکر: Thank you جی۔

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یار ختم کرنے دیں۔ جی۔

جناب محمود احمد خان: جناب سپیکر صاحب! اکبر ایوب صاحب ابھی سن لیں اگر پہلے نہیں سنی۔ میں یہ کہہ رہا ہوں کہ پی اینڈ ڈی کے پہلے جو انہوں نے گائیڈ لائنز دیئے، اس کو بحال کر دیں بس۔ یہ بات کی تھی کہ ADP No. 1138 جو کہ پی اینڈ ڈی کے پہلے گائیڈ لائنز تھے پانچ ضلعوں کے لئے اسی کو بحال کر دیں بس یہ بات کی ہے میں نے سر۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: جناب سپیکر! اس میں ہم بات کر لیں گے، وہ کنڈی صاحب تو جناب سپیکر، اپوزیشن کے کم اور ہمارے زیادہ ہیں، ان کے تو ہم سے بھی زیادہ ہوتے ہیں، اس پر ہم بات کر لیں گے جناب سپیکر صاحب۔

Mr. Speaker: Ji Khushdil Khan Sahib! Withdrawn?

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں Withdraw نہیں کرتا ہوں اور نہ کروں گا۔ یہ منسٹر صاحب نے جو Reply کیا ہے سر، اس سے میں مطمئن نہیں ہوں، اس نے زیادہ وقت لے لیا ہم سے زیادہ، اس کو کہیں کہ To the point ہمیں جواب دے دیں۔ میں نے ان سے یہ کہا تھا کہ آپ کے پاس کیا Mechanism ہے، اس نے مجھے یہ جواب دیا کہ پی سی ون میں۔ تو Who will prepare the PC-I اور کس کے کہنے پر پی سی ون بنائے گا۔ کل جب آپ مطلب ہے ڈسٹری بیوشن کریں گے کسی کو کہیں گے کہ آپ مطلب ہے کہ آپ حلقے میں پانچ چیزیں ہیں، آپ کے حلقے میں دو چیزیں ہیں تو وہ پی سی ون کون بنائے گا تو آپ مجھے بتائیں کہ آپ وہی بنائیں گے۔ (مداخلت) جناب سپیکر، ایک منٹ ایک منٹ۔ آپ پھر مجھے جواب دے دیں۔ Let me speak please۔

Minister Local Government, Parliamentary Affairs & Human Rights: Speak, speak, speak.

جناب سپیکر: میرے خیال میں ابھی ڈسکشن اس کے بعد نہیں ہوتی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دوسری بات یہ ہے۔

Mr. Speaker: Khushdil Khan Sahib, please.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں ان کو Mechanism بتا دیتا ہوں۔ Mechanism جو ہے انہوں نے غیر فعال بنا دیا، وہ Mechanism ہمارے پاس جو ہے وہ ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ ایڈوائزری کمیٹی ہے Which has been explained under Section 3 of the District Development Advisory Committee Act 1989 اور وہ غیر فعال ہو چکا ہے۔ اسی میں Provision ہے کہ آپ اگر ایم پی ایز کو بٹھائیں گے ڈسٹرکٹ کے لیول پر جتنے وہ ایم پی ایز ہوتے ہیں، ان کو آپ سکیم دیں گے، وہ ڈسکس کریں گے تو عوامی نمائندوں کے مشورے سے اور ان کی سفارشات پر بنائیں گے۔ یہ تو ایسا نہیں ہوتا یہ جو یہاں پر کہہ رہے ہیں تو یہ آپ کا Mechanism جو ہے وہ غلط ہے، وہ Against the law ہے اور یہ مطلب ہے DDAC Mechanism ہے اور ہمارے سر، پشاور کی DDAC کا جو یہاں پر چیئرمین ہے ہمارا وہ انجینئر صاحب ہیں، وہ آئے تھے، آپ یقین کریں اس ایکٹ میں لکھا گیا ہے کہ ہر میٹنگ جو ہوگی "Shall be held in every two months"، دو مہینوں سے ہمارا مطلب ہے ایک ایک سال سے یہاں میٹنگ نہیں ہوتی ہے، وہ مراعات لیتے ہیں، گاڑی استعمال کرتے ہیں، خرچ کرتے ہیں لیکن مطلب ہے جو ان کی قانونی ذمہ داریاں ہیں، جو Responsibilities ہیں وہ پورا نہیں کرتے ہیں۔

جناب سپیکر: ہونی چاہیئے۔

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق: جی جناب سپیکر۔ کسی نے منع نہیں کیا ہے کسی کو DDAC کی میٹنگ کرنے کے لئے۔ بالکل صحیح کہہ رہے ہیں، میں وہی بات کر رہا تھا کہ ایم پی ایز کو خود اپنے کاموں میں انٹرسٹ لینا پڑے گا افسران کے پیچھے نہیں بھاگیں گے جناب سپیکر۔ باقی عصام الدین صاحب نے ادھر، عصام الدین صاحب تقریر کر کے چلے جاتے ہیں، وہ فلم آج کل سوشل میڈیا پر لگا دیتے ہیں جواب نہیں لیتے جناب سپیکر۔ Hundred and forty kilometer road محسود ایریا میں، ساؤتھ وزیرستان میں بن رہی ہیں Hundred and forty kilometer road اور چودہ پرائمری سکولز پچھلے سال میں اور 39 New Schools اس سال میں جناب سپیکر، لیکن Merged Districts میں جناب سپیکر، میں بتانا چاہتا ہوں سب سے زیادہ ضرورت اس چیز کی ہے کہ جو چیزیں پہلے سے بنی ہوئی ہیں ان کو تو ٹھیک کریں، ان کا تو کوئی منہ سر نہیں ہے۔ جناب سپیکر، سکولز تباہ حال ہیں، ہاسپیٹلز تباہ حال ہیں

اس پر ٹائم لگے گا۔ اس کے اوپر گورنمنٹ کام کر رہی ہے ہم Outsource کر رہے ہیں ہاسپیٹلز اور ان چیزوں کو چلانے کے لئے۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you.

وزیر بلدیات، پارلیمانی امور وانسانی حقوق: اور Need basis پر جناب سپیکر، ہر چیز ہوگی ان شاء اللہ۔

جناب سپیکر: خوشدل خان صاحب! Withdraw کرلیں، پیار محبت سے چل رہا ہے تو مطلب ہے ووٹنگ نہ کرائیں۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: Withdraw کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you very much. Ikhtiar Wali Khan! Withdrawn?

جناب اختیار ولی: سر، آپ کہیں اور ہم نہ مانیں۔

Mr. Speaker: Thank you very much, thank you very much, Sardar Yousaf Sahib.

سردار محمد یوسف زمان: پہلی بات شکریہ۔ ویسے اکبر ایوب صاحب نے یہ یقین دہانی کرادی ہے کہ بفہ تحصیل کو باقاعدہ وہ ڈیویلپ کریں گے۔ ایک بات اور ہے کہ یہ مساجد کے حوالے سے مثال دی انہوں نے تو وہاں اپوزیشن کے جتنے حلقے ہیں مساجد کو محروم کیا ہے۔ تو یہ ان کی اگر ایسی سکیم تھی سب کے لئے یکساں تھا تو ان کو بھی شامل کریں کم از کم۔ اور دوسرا میں نے جو پشاور کی بات کی تھی As compare to Lahore کیونکہ بات یہ ہوئی تھی کہ لاہور، جس طرح لاہور میں بنایا ہے پشاور کو بنائیں، ہمارا Capital ہے ہمیں خوشی ہوگی۔ تیسری بات جو میں نے وہاں پر سوات میں جو واقعہ ہوا ہے گجر سکر ٹریٹ کے حوالے سے رفاعی تنظیم کا ایک دفتر اور میں نے اس حوالے سے بات کی تھی کہ اس کا کوئی Notice نہیں ہوا، ہائی کورٹ کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، اس کے باوجود اس کو گرایا ہے۔ تو کم از کم اسی لئے میں نے کہا تھا کہ یہ انکوائری کی جائے صحیح طریقے سے اور اس پر ان لوگوں کا جو نقصان ہوا ہے، ان کو Compensate کیا جائے۔

جناب سپیکر: یہ کہتے ہیں کہ اس پہ کوئی ہائی کورٹ کا فیصلہ نہیں ہے۔

سردار محمد یوسف زمان: اس میں جہاں تک میری معلومات ہیں کوئی مطلب ہے فیصلہ نہیں ہوا تھا، کمیونٹی نے بنایا تھا باقی جائیداد کا ہوگا، مجھے اس کا علم نہیں ہے لیکن آپ کی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے سردار صاحب۔

سردار محمد یوسف زمان: اور تیسری بات یہ ہے کہ میں الحمد للہ اپنے حلقے سے کئی دفعہ الیکشن لڑ کر جیت کر آیا ہوں صرف گجر قوم کی ہی بات نہیں ہے، الحمد للہ کہ میرے ساتھ وہاں جتنی برادریاں ہیں، قوم ہیں، وہ حمایت بھی کرتی رہی ہیں، ووٹ بھی دیتی رہی ہیں اللہ کے فضل و کرم سے کامیابی بھی ہوتی رہی ہے۔

جناب سپیکر: کوئی شک نہیں ہے۔

سردار محمد یوسف زمان: اور پورے جہاں اگر محروم طبقات کی بات ہے وہ ضرور میں کرتا ہوں، پسے ہوئے لوگوں کی میں بات کرتا ہوں اور یہ میرا فرض بنتا ہے کہ پاکستان میں کسی جگہ بھی ان کے لئے بات کروں۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: Thank you, withdrawn?

سردار محمد یوسف زمان: بہر حال میں Withdraw کر لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: تھینک یو ویری مچ۔ اکرم خان درانی صاحب تو چلے گئے ہیں، Withdrawn ہو گیا۔ محمود بیٹنی صاحب، Withdrawn۔ بہادر خان صاحب، Withdrawn، آپ تو مٹھائی کھلائیں آج۔ نثار خان، Withdraw؟ (مداخلت) جی ٹائم نہیں ہے، بہت سے چلے گئے ہیں۔ جی نثار خان صاحب، نثار خان صاحب۔

جناب نثار احمد: Withdraw کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: Thank you ، Withdrawn۔ کنڈی صاحب کر چکے۔ ثوبیہ بی بی، Withdrawn, withdrawn؟ ثوبیہ بی بی کا مائیک کھولیں نا، نام لیتے ہیں تو، آپ کا مائیک اختیار ولی صاحب نے خراب کروا دیا۔

(قہقہے)

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، صرف منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا تھا۔۔۔۔۔

جناب اختیار ولی: پورا انظام خراب ہے سپیکر صاحب۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، یہ پوچھنا تھا کہ بی آر ٹی کی جو پلاننگ تھی، وہ ایک کھرب میں ابھی تک کمپلیٹ نہیں ہوئی اور ہو سکتا ہے ایک کھرب اور بھی لگے جس طرح اس کی پوزیشن ہمیں نظر آ رہی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ باتیں ختم ہو گئی ہے نا، ابھی Withdrawn کی بات ہے، ابھی اس میں نہیں ہوتا، یہ پھر ختم ہی نہیں ہو گا۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: مجھے، اور تین ہزار کلو میٹر کا 48ارب میں یہ کونسا، پلاننگ ٹھیک ہے، مجھے اس کی سمجھ نہیں ہے بہت Confused ہوں۔

جناب سپیکر: جی منسٹر صاحب۔

جناب اکبر ایوب خان (وزیر بلدیات، پارلیمانی امور و انسانی حقوق): جناب سپیکر، انہوں نے تین ہزار کلو میٹر کی بات کی تھی، سی ایم صاحب نے تین ہزار کلو میٹر کی بات کی ہے، میرا بھائی اکنامک آفیئرز ڈویژن کا منسٹر ہے فیڈرل میں، میں نے اس کو اپنی جگہ کہا ہے کہ ہمیں پانچ ہزار کلو میٹر، گرانٹ جہاں سے بھی پیدا کرنی ہے اس صوبے کو ہمیں گرانٹس لا کے دیں، ہم پانچ ہزار کلو میٹر بنانا چاہتے ہیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر، And he is, Umar Ayub Sahib, he is working on it۔ جناب سپیکر، بی آر ٹی کا ٹوٹل کام، Total project is 66 something billion, 3.5 billion کا کام رہ گیا ہے، وہ Main contractor چھوڑ گیا ہے، آگے ہم نے Sublet کر دیا ہے اس کو، دسمبر تک ان شاء اللہ و تعالیٰ جناب سپیکر، Defective work بھی اور سارا کچھ کمپلیٹ ہو جائے گا اور بی آر ٹی پتہ نہیں کیوں دل پہ لگتا ہے جناب سپیکر، کس نے 66ارب روپیہ پشاور پر لگایا ہے؟ اس زمانے میں بھی نہیں لگا جب ایک پارٹی کے بارہ یا تیرہ وزیر تھے پشاور کے رہنے والے، (تالیاں) پشاور ڈویژن کے رہنے والے، عجیب بات کرتے ہیں، وہ میں نے اور ثوبیہ بی بی نے تو بی آر ٹی میں نہیں بیٹھنا، وہ غریب آدمی نے بیٹھنا ہے، ہم تو ایئر کنڈیشنڈ گاڑی میں بیٹھتے ہیں جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Thank you. Sobia Bibi! Withdrawn?

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب! منسٹر صاحب اتنے۔۔۔۔

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 04; therefore, the question before the House is that Demand No. 04 may be granted? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. Demand is granted. The sitting is adjourned till 01:00 pm Saturday 26th June, کل تک, thank you.

---

(اجلاس بروز ہفتہ مورخہ 26 جون 2021ء دوپہر ایک بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)